علامہ اقبالؒ
سوال و جواب میں
qasarulkutub.blogspot.com

اِن

سوالات وجوابات کا زیادہ تر مواد

مطالب اقبال

سے

لیا گیا ہے

اور

کچھ دُوسری کتابوں سے بھی

qasarulkutub.blogspot.com

س: علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: علامہ اقبال ۹ نومبر ۱۸۷۷ء کو شہر سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

س: علامہ اقبال کے والد صاحب کا نام بتائیے؟

ج: شیخ نور محمد مرحوم۔

س: علامہ اقبال کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج: شیخ محمد رفیق۔

س: علامہ اقبال کے ننھیال کہاں تھے؟

ج: سمبڑیال میں۔

س: علامہ اقبال کا خاندانی مکان شہر سیالکوٹ کے کس حصے میں واقع ہے؟

ج: بازار چوڑی گراں میں جو اب اقبال سٹریٹ کے نام سے مشہور ہے۔

س: علامہ اقبال نے اپنی تعلیم کی ابتدا کس اُستاد سے کی تھی؟

ج: مولوی غلام حسین صاحب سے۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : علامہ اقبال نے اپنی دُنیوی ابتدائی تعلیم کس مدرسہ سے شروع کی ۔

ج : سکاچ مشن ہائی سکول سیالکوٹ میں ۔

س : علامہ اقبال نے مڈل کا امتحان کس سن میں پاس کیا ؟

ج : ۱۸۹۱ء میں ۔

س : اور انٹرنس کا امتحان کب پاس کیا ؟

ج : ۱۸۹۳ء میں ۔

س : اقبال کی پہلی شادی کس شہر میں ہوئی ۔

ج : گجرات میں ۔

س : اقبال کی اس بیوی سے کتنے بچے ہوئے ؟

ج : دو ۔ ایک لڑکا اور ایک لڑکی ۔

س : کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں ؟

ج : آفتاب اقبال اور معراج بیگم ۔

س : اقبال نے کس سن میں گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ لیا ۔

ج : ۱۸۹۵ء میں گورنمنٹ کالج لاہور میں تھرڈ ائیر کلاس میں داخل ہوئے ۔

س : ایف ۔ اے میں کیوں داخل نہ ہوئے ؟

ج : ایف ۔ اے کا امتحان انھوں نے سکاچ مشن کالج سیالکوٹ سے پاس کیا تھا ۔

س : سیالکوٹ کے ابتدائی زمانے میں کس بزرگ ہستی نے اقبال کی تعلیم و تربیت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ؟

ج : شمس العلماء مولانا مولوی میر حسن صاحب نے ۔

س : علامہ نے مرتے وقت مومن کی کیا نشانی بتائی ہے ؟

ج : چو مرگ آید تبسم برلب اوست ۔

س : علامہ نے قائدِ اعظم کو جو انگریزی خطوط لکھے وہ کس سن میں شائع ہوئے ؟

ج : ۱۹۴۲ء میں ۔

س : مرض الموت میں آپ کی زبان پر کون سے شعر تھے

ج : سرودِ رفتہ باز آید کہ ناید — نسیمے از حجاز آید کہ ناید
سر آمد روزگارِ ایں فقیرے — دگر دانائے راز آید کہ ناید

س : علامہ جب بھوپال جاتے تو آپ کس مکان پر قیام کرتے ۔ اس مکان کا نام بتایئے ۔

ج : ریاض منزل ۔

س : والدہ جاوید کا انتقال کب اور کہاں ہوا ؟

ج : ۲۳ مئی ۱۹۳۵ء کو جاوید منزل میں ۔

س : والدہ جاوید کتنی مدت تک جاوید منزل میں مقیم رہیں ؟

ج : صرف تین دن ۔

س : علامہ اقبال آخری بار انجمن حمایت اسلام کے ایک اجلاس میں شریک ہوئے ۔ جہاں ان کے اشعار کسی اور نے ترنم سے سنائے ۔ اس نظم کا پہلا شعر کیا ہے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : خودی کا سرِّ نہاں لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللہ
خودی ہے تیغ، فساں لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللہ

س : سلسلۂ روز و شب نقش گرِ حادثات
علامہ کی کس نظم کا یہ پہلا مصرعہ ہے ؟

ج : مسجد قرطبہ ۔

س : مغلیہ سلطنت کے بانی شہنشاہ بابر کا مزار کہاں ہے ؟

ج : افغانستان کے مشہور شہر غزنی میں ۔

س : بچپن میں علامہ اقبال کے کیا اشغال تھے ؟

ج : کبوتر اُڑانا اور شطرنج کھیلنا ۔

س : آپ نے کس سن میں بی ۔ اے پاس کیا اور کہاں سے ؟

ج : پنجاب یونیورسٹی سے ۱۸۹۷ء میں ۔

س : فلسفہ میں آپ کے کون اُستاد تھے ؟

ج : پروفیسر تھامس آرنلڈ ۔

س : پروفیسر آرنلڈ نے عربی کس مسلمان بُزرگ سے پڑھی تھی ؟

ج : مولانا شبلی نعمانی مرحوم سے ۔

س : علامہ نے لاہور کے ایک مشاعرے میں کون سی غزل پڑھی تھی کہ مرزا ارشد گورگانی تڑپ اُٹھے ۔ اس کا کوئی مشہور شعر سُنائیے ؟

ج : موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چُن لیے
قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

س : اس مشاعرے کے صدر کون تھے ؟

ج : شہزادہ مرزا ارشد گورگانی ۔

س : فلسفہ میں آپ نے ایم ۔ اے کس سن میں کیا ؟

ج : ۱۸۹۹ء میں ۔

س : علامہ اقبال نے اپنی زندگی کا آغاز کس ملازمت سے کیا ؟

ج : ایم ۔ اے کرنے کے فوراً بعد آپ اورنٹیل کالج لاہور میں عربی کے اُستاد مقرر ہوئے ۔

س : آفتاب اقبال کس سن میں پیدا ہُوا ؟

ج : ۱۸۹۹ء میں ۔

س : آپ نے کس سن میں انجمن حمایت اسلام میں پہلی بار نظم سُنائی اور اس نظم کا عنوان کیا تھا ؟

ج : ۱۹۰۰ء کو فروری میں ۔ اس نظم کا عنوان تھا " نالۂ یتیم " ۔

س : علامہ اقبال کی دو مشہور نظموں کے نام بتائیے ؟

ج : (۱) شکوہ اور (۲) جوابِ شکوہ ۔

س : کس سن میں علامہ نے وکالت شروع کی ؟

ج : ۱۹۰۸ء میں ۔

س : علامہ کس سن میں یورپ تشریف لے گئے تھے ؟

ج : ۱۹۰۵ء میں ۔

س : علامہ اقبال نے دُنیا کے کس شخص کو پیغمبرِ بے جبرئیل کہا ہے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج: یہودی النسل کارل مارکس مصنف کتاب "سرمایہ" کو۔ جس نے دُنیا کو معاشیات کا وہ نظریہ دیا جسے اسلام نے پیش کیا تھا۔

صاحب سرمایہ از نسل خلیل
یعنی آں پیغمبرِ بے جبرئیل

س: برصغیر ہندوستان کا وہ کون سا بادشاہ تھا جسے علامہ اقبال نے "خدنگ آخریں" کہا ہے؟

ج: مغل بادشاہ سلطان محی الدین اورنگ زیب عالمگیر، جس نے نصف صدی سے زیادہ تک ہندوستان پر حکومت کی۔

س: ایاز کون تھا؟

ج: سلطان محمود غزنوی کا ایک خریدا ہُوا غلام، جس کی وفاشعاری، اور خدمت و خلوص نے سلطان محمود غزنوی کے دل پر قبضہ کرلیا تھا۔

س: علامہ اقبال نے محمود و ایاز کو بطور علامت بھی استعمال کیا ہے۔ آپ بتا سکتے ہیں اس علامت سے کیا مقصود ہے؟

ج: اس علامت سے یہ مقصود ہے کہ انسانوں میں کوئی فرق و امتیاز نہیں

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

س: ابولہب کون تھا؟ اور کس کردار کا مالک تھا؟

ج: ابولہب نبی اکرم صلی اللہ علیہ آلہٖ وسلم کا حقیقی چچا تھا لیکن اسلام کا بدترین دُشمن۔ قرآنِ حکیم کے تیسویں پارے میں اس

کے لیے ایک سُورت بھی نازل ہوئی کہ اے ابولہب تیرے ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

س: ابولہب کس چیز کی علامت بن گیا؟

ج: کُفر کی۔ اقبال کہتے ہیں

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغِ مصطفوی سے شرارِ بولہبی

یا

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر بہ او نرسیدی تمام بولہبی است

س: بوتراب کے معنی کیا ہیں اور یہ کن کا لقب ہے؟

ج: بوتراب کے معنی ہیں، مٹی کا باپ اور یہ شیرِ خدا حضرت علیؓ کا لقب تھا۔

س: پورِ مریم سے کیا مراد ہے؟

ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س: ابوجہل کون تھا اور اس کا اصل نام کیا تھا؟

ج: ابوجہل اسلام کا بدترین دشمن تھا۔ اس کا اصل نام عمرو تھا۔

س: علامہ اقبال کا ایک مصرعہ ہے

چراغِ مصطفوی سے شرارِ بولہبی

یہ دُوسرا مصرعہ ہے۔ اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز

س : "پوشش عریانیٔ مرداں" سے کیا مُراد ہے ؟

ج : عورت ۔

س : در یوزہ گر آتش بیگانہ نہیں ہے ۔ علامہ کی اس نظم کا عنوان کیا ہے اور یہ کون کہتا ہے ؟

ج : نظم کا عنوان ہے جگنو اور پروانہ، اور یہ جگنو پروانے سے کہتا ہے ۔

س : ایک ہنگرین شاعر پٹوفی ، اپنے ملک کی آزادی کے لیے لڑتا ہُوا مارا گیا اس کی لاش نہ ملی ۔ علامہ نے اس پر اشعار لکھے ہیں ۔ ان معانی میں ایک عجیب شعر فرمایا ہے آپ اس کا ایک مصرعہ ہی سُنا دیں ۔

ج : بزمیں نہ باز رفتی کہ تو از زمیں نبودی

س : پھُول کی پتّی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر
یہ شعر تو اقبال کا ہے لیکن تصوّر اقبال کا نہیں ہے ۔ بتائیے علامہ نے یہ تصوّر کس سے لیا ؟

ج : بھرتری ہری راجا ہے، جو راج پاٹ چھوڑ کر جنگلوں کو چلا گیا تھا ۔

س : علامہ کا ایک مصرعہ ہے
رومی فنا ہُوا، حبشی کو دوام ہے
اس مصرعہ میں کن دو شخصیتوں کا ذکر کیا گیا ہے ؟

ج : رومی سے مراد سکندر اعظم ہے جسے فاتحِ اعظم کہا جاتا ہے اور

حبشی سے مُراد حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہیں ۔ جن کے عشقِ رسولؐ نے آپ کو حیاتِ جاوداں بخشی ۔

س : علامہ کا ایک فارسی شعر ہے ؎
می رسد مردے کہ زنجیرِ غلاماں بشکند
دیدہ ام از روزنِ دیوارِ زندانِ شما
علامہ اقبال نے اس کے پہلے مصرعے میں کس مردِ عظیم کی طرف اشارہ کیا ہے ؟

ج : حضرت قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کی طرف ۔

س : قرۃ العین طاہرہ کہاں کی رہنے والی تھی اور اس کو کس نے قتل کیا تھا ؟

ج : ایران کی ایک شعلہ بیان شاعرہ تھی اور باب کی مرید اور مبلّغ ۔ شاہ قاچار نے اُسے قتل کر دیا تھا ۔

س : جعفر اور صادق کون تھے اور کہاں کے رہنے والے تھے ؟

ج : یہ غدّارانِ وطن تھے ۔ اُنھوں نے اپنے حاکموں سے غدّاری کر کے انگریزی حکومت کے لیے راستہ صاف کیا ۔ جعفر بنگال کا تھا اور صادق جنوبی ہندوستان کا رہنے والا ۔

س : ان کے متعلق ہی ایک اور سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ کن نوابوں کے ملازم تھے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : جعفر تو نواب سراج الدولہ حاکم بنگال کی فوجوں کا سپہ سالار تھا اور صادق تو میسور کے نواب فتح علی خاں ٹیپو کا ملازم تھا۔

س : اس سلسلے میں آپ بتا سکتے ہیں کہ جاوید نامہ میں اقبال نے ان کی رُوحوں کو کس حال میں دیکھا؟

ج : وہ اپنے اس مردود فعل کی بنا پر خون کے سمندر میں غوطے کھا رہے ہیں۔

س : بہر تقسیم قبور، انجمنے ساختہ اند، یہ مصرعہ علامہ نے کس بین الاقوامی جماعت کے متعلق کہا ہے؟

ج : لیگ آف نیشنز، یا جمعیت الاقوام کے متعلق فرمایا تھا جو دوسری جنگ عظیم کے بعد ختم ہو گئی۔

س : اس لیگ آف نیشنز کے ٹوٹ جانے کی علامہ نے پہلے ہی پیش گوئی کر دی تھی۔ اس کا کوئی ایک مصرعہ ہی بتا دیں؟

ج : بے چاری کئی روز سے دم توڑ رہی ہے۔

س : سید جمال الدین افغانی کا اصلی نام کیا تھا اور آپ کہاں کے رہنے والے تھے؟

ج : ان کا اصلی نام سیّد محمّد بن صفدر تھا، اور اسعد آباد (افغانستان) میں پیدا ہوئے تھے۔

س : اقبال کا ایک مصرعہ ہے

کہ از مغز دو صد خر فکرِ انسانی نمی آید

اس کا پہلا مصرعہ بتا کر شعر مکمل کیجیے۔

ج : گریز از طرز جمہوری، غلامِ پختہ کارے شو
کہ از مغز دو صد خر فکرِ انسانی نمی آید

س : چین نے ۱۹۴۹ء میں آزادی حاصل کی اور اب دُنیا کی ایک عظیم قوت ہے۔ علامہ نے نصف صدی پیشتر ان کے متعلق کیا پیشین گوئی کی تھی؟

ج : گراں خواب چینی سنبھلنے لگے
ہمالہ کے چشمے اُبلنے لگے

س : خوشا نصیب کہ خاکِ تو آرمید این جا
کہ این زمیں ز طلسم فرنگ آزاد است
علامہ نے یہ شعر کہاں اور کس کے لیے کہا تھا؟

ج : علامہ نے یہ شعر ہندوستان میں مغل سلطنت کے بانی ظہیر الدین بابر کے مزار پر کہے جو ملک افغانستان کے شہر غزنی میں ہے۔ جہاں بابر مدفون ہے۔

س : گردن نہ جھکی اس کی جہانگیر کے آگے
اقبال نے اس مصرعہ میں کس عظیم شخصیت کی طرف اشارہ کیا ہے؟

ج : حضرت شیخ احمد سرہندی، مجدد الف ثانی کی طرف۔

س : عام طور پر کہا جاتا ہے کہ جہنم یا دوزخ میں خوفناک الاؤ جل رہا ہے۔ لیکن اقبال کہتے ہیں کہ میں نے جہنم کو بہت ٹھنڈا اور

qasarulkutub.blogspot.com

یخ بست دیکھا۔ اقبال نے فرشتوں سے اس کے متعلق پوچھا
تو انھوں نے کیا جواب دیا؟

ج: اہلِ دنیا یہاں جو آتے ہیں
اپنے انگار ساتھ لاتے ہیں

س: ڈاکٹر محمد اقبال جب مولانا الطاف حسین حالی کے مزار پر پانی پت میں گئے تو آپ کے ہمراہ ایک شخصیت بھی تھی۔ بس آپ صرف ان کا نام بتا دیجیے۔

ج: ان کا نام تھا، نواب سر حمید اللہ خاں والیٔ بھوپال۔

س: علامہ جب شاہ نادر شاہ درانی کی دعوت پر افغانستان تشریف لے گئے تو ان کے ساتھ کون کون تھے؟

ج: سر راس مسعود، سرسید کے پوتے اور مولانا سید سلیمان ندوی۔

س: علامہ نے حکیم غزنوی کس کو کہا ہے؟

ج: حکیم سنائی کو جن کا مرقد غزنی میں ہے۔

س: خشتِ بنیادِ کلیسا بن گئی خاکِ حجاز
یہ علامہ کے شعر کا دوسرا مصرعہ ہے آپ پہلا بتا دیجیے۔

ج: لے گئے تثلیث کے فرزند میراثِ خلیل

س: کشتیٔ مسکین، جانِ پاک، دیوارِ یتیم
یہ تین واقعات قرآنِ حکیم میں آئے ہیں۔ آپ یہ بتائیے کہ علامہ اقبال کی کس نظم میں ان کا ذکر آیا ہے؟

ج: علامہ کی نظم خضرِ راہ میں۔

س: اقبال نے خواجۂ اہلِ فراق کس کو کہا ہے؟

ج: ابلیس یا شیطان کو۔

س: اقبال کے ایک شعر کا مصرعہ ہے:
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے
اس کا پہلا مصرعہ آپ بتا دیجیے۔

ج: خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے، بتا تیری رضا کیا ہے

س: "داشتۂ پیرکِ افرنگ" سے علامہ اقبال کی کیا مراد ہے۔ اس کے معنی ہیں، مغربی دانشوروں کی داشتہ۔

ج: علامہ کی مراد اس سے جمعیت الاقوام ہے جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد ختم ہو گئی تھی۔

س: کارِ جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر
علامہ اقبال کے اس مصرعے کا پہلا مصرعہ بتا کر شعر مکمل کیجیے۔

ج: باغِ بہشت سے مجھے حکمِ سفر دیا تھا کیوں
کارِ جہاں دراز ہے اب مرا انتظار کر

س: ایں عجوزہ عروسِ ہزار داماد است
اقبال نے ایک شہر کے متعلق یہ لکھا ہے۔ اس شہر کا نام بتا دیجیے؟

ج: بھارت کا موجودہ دارالحکومت۔ دہلی۔

qasarulkutub.blogspot.com

س: وہ خدایاں کے معنی ذرا جلدی سے بتا دیں۔

ج: زمیندار۔ زمین کے مالک۔

س: اقبال کے ایک اُردو شعر کا ترجمہ کچھ یُوں ہے:

اکیلے شخص کی کوئی حیثیت نہیں، وہ ربطِ ملّت سے قائم ہے۔ لہر وہی ہے جو دریا کے اندر چلے، جب وہ دریا سے باہر نکل جاتی ہے تو وہ کچھ بھی نہیں رہتی۔ زمین اُسے اپنے اندر جذب کر لیتی ہے۔

جس شعر سے یہ مطلب نکلتا ہے اقبال کا وہ شعر سنا دیجیے۔

ج: فرد قائم ربطِ ملّت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں

س: ربّ الیمن سے اقبال کی کیا مُراد ہے؟

ج: نمرود، جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا۔

س: اقبال کے ایک نعتیہ شعر کا دُوسرا مصرعہ یوں ہے:

غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا

پہلا مصرعہ کیا ہے؟

ج: وہ دانائے سبل، ختم الرسل، مولائے کُل جس نے

س: اقبال کا محبوب پرندہ شاہین ہے۔ اسے وہ مردِ مومن سے تشبیہ دیتا ہے۔ شاہین میں کیا خوبیاں ہوتی ہیں؟

ج: بلند پرواز، تیز نگاہ رکھتا ہے۔ اپنا آشیانہ نہیں بناتا۔ پہاڑوں

کی چوٹی پر زندگی بسر کرتا ہے۔ اپنی ضرورت سے زیادہ جمع نہیں کرتا۔ اور پھر محض اپنے خون کو گرم رکھنے کے لیے لپکتا اور جھپٹتا ہے۔ اقبال کہتے ہیں:

پلٹنا، جھپٹنا، جھپٹ کر پلٹنا
لہو گرم کرنے کا ہے اِک بہانہ

س: اقبال کے کلام میں ایک رشی کا ذکر آیا ہے۔ شعر یوں ہے:

رشی کے فاقوں سے ٹوٹا نہ برہمن کا طلسم

اِس رشی سے مُراد کون سی شخصیت ہے؟

ج: مُراد مہاتما گاندھی ہے۔ جس نے مرن برت رکھے کہ اچھوتوں کو مندروں میں داخل ہونے سے نہ روکا جائے۔ لیکن گاندھی برہمنوں کو اس پر راضی نہ کر سکا۔

س: کسی شاعر نے کہا تھا کہ اگر زمانہ تیرا ساتھ نہیں دیتا تو تُو زمانے کے ساتھ چلنا شروع کر دے۔ یعنی

زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز

لیکن اقبال اس کے برخلاف تعلیم دیتے ہیں۔ وہ کیا تعلیم ہے؟ اگر وہ وہ مصرعہ بھی بیان کر دیں تو مزید اچھا ہوگا۔

ج: اقبال کہتے ہیں کہ اگر زمانہ تیرا ساتھ نہیں دیتا تو تُو زمانے کے ساتھ جنگ کر۔ وہ مصرعہ یُوں ہے:

زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ ستیز

qasarulkutub.blogspot.com

س : "جاوید نامہ" میں علامہ نے کتنے افلاک کی سیر کی ۔

ج : سات ۔

س : کیا آپ ان کے نام بتا سکیں گے ؟

ج : (۱) فلکِ قمر (۲) فلکِ عطارد (۳) فلکِ زُہرا (۴) فلکِ مریخ (۵) فلکِ مشتری (۶) فلکِ زحل (۷) آں سوئے افلاک ۔

س : رُومی فنا ہُوا ، حبشی کو دوام ہے
علامہ کی نظم کا یہ آخری مصرع ہے ۔ مختصراً بیان کریں کہ ایسا کیوں کہا ہے ؟

ج : رومی سے مُراد سکندرِ اعظم ہے جو ایک عظیم فاتح تھا اور جس نے بڑی فتوحات بھی کیں ۔ لیکن اب اُسے کوئی نہیں جانتا ۔
حبشی سے مُراد حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ ہیں ۔ جن کا نام آج بھی بڑی عزّت اور احترام سے لیا جاتا ہے ۔ رسول اللہؐ کی محبت نے حضرت بلال کو زندہ جاوید بنا دیا ۔

س : اقبال کا ایک فارسی مصرعہ ہے

خون شہ رنگیں تر از معمار نیست

یہ بتائیے کہ علامہ کی کس کتاب میں ہے اور نظم کا عنوان کیا ہے ؟

ج : یہ "رموزِ بے خودی" کی ایک نظم کا ایک مصرعہ ہے جس کا عنوان ہے :

حکایت سلطان مراد و معمار در معنی مساوات اسلامیہ

س : علامہ اقبال نے رموزِ بے خودی میں حادثۂ کربلا پر ایک نظم لکھی ہے جس کا ایک شعر ہے :

دُشمناں چوں ریگِ صحرا لاتعد
دوستانِ او بہ یزداں ہم عدد

یزداں ہم عدد سے کیا مُراد ہے ؟

ج : یزداں خُدا کو کہتے ہیں ۔ یزداں کے حروف کی قیمت یوں ہوگی :

ی ۱۰ ، ز ۷ ، د ۴ ، ا ۱ ، ن ۵۰ یزدان = ۷۲

چونکہ حضرت امام حسینؓ کے ساتھ صرف بہتّر نفوس تھے اس لیے اقبال نے اس شعر میں یہ دلچسپ تشبیہ پیدا کی ہے ۔

س : حیاتِ ملیہ کا مرکزِ محسوس کسے کہتے ہیں ؟

ج : بیت الحرام یا خانہ کعبہ کو ۔

س : علامہ اقبال نے دو شعر کہے ہیں :

رشتۂ آئینِ حق ، زنجیر پاست
پاسِ فرمانِ جنابِ مُصطفیٰ است
ورنہ گردِ تربتش گردیدمے
سجدہ ہا بر خاکِ او پاشیدمے

مختصراً اس کا ترجمہ یوں ہو سکتا ہے کہ اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا ورنہ میں تو اس کی قبر پر سجدے نچھاور کرتا ۔
اقبال نے یہ کس عظیم ہستی کے متعلق کہا ہے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے متعلق ۔

س : علامہ اقبال نے ہندوستان کے معروف شاعر مرزا غالب کے متعلق کہا ہے کہ اس کا ہمنوا مغرب میں بھی ہوا ہے ۔ اقبال کا شعر ہے ؎

آہ تو اُجڑی ہوئی دلی میں آرامیدہ ہے
گلشنِ ویمر میں تیرا ہم نوا خوابیدہ ہے

اقبال مغرب کے کس شاعر کے متعلق یہ کہتے ہیں ؟

ج : یہ جرمن شاعر گوئٹے کے متعلق ۔

س : ابھی آرام سے لیٹے رہو میں پھر بھی آؤں گی
سلا دوں گی جہاں کو، خواب سے تم کو جگا دوں گی

اقبال کا یہ شعر ایک امریکن شاعر سے ماخوذ ہے ۔ اس شاعر کا نام بتا دیجیے ۔

ج : لانگ فیلو ۔

س : "ڈیوائن کامیڈی" کا مصنف کون ہے ؟

ج : جرمن شاعر نطشے ۔

س : گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے

اس مصرعے میں اقبال کا اشارہ کس بزرگ ہستی کے بارے میں ہے ؟

ج : مجدد الف ثانی حضرت احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف ۔

س : اقبال نے اپنے کلام میں بعض شخصیات کا حوالہ دیا ہے مگر نام کا اظہار نہیں کیا ۔ ایسے ہی حضرت قائدِ اعظم کے متعلق ایک شعر کہا تھا وہ شعر سُنا دیجیے ۔

ج : می رسد، مردے کہ زنجیر غلاماں بشکند
دیدہ ام از روزنِ دیوارِ زندانِ شما

س : ہے اسیری اعتبار افزا جو ہو فطرت بلند
قطرۂ نیساں ہے ۔ زندانِ صدف سے ارجمند

علامہ نے اس شعر میں کس بزرگ سیاسی شخصیت کے متعلق اشارہ ہے ؟

ج : مولانا محمد علی جوہر مرحوم ۔

س : قوم اپنی جو زر و مالِ جہاں پر مرتی
بت فروشی کے عوض بت شکنی کیوں کرتی

اقبال کا مندرجہ بالا شعر، کس نظم سے لیا گیا ہے ۔ نظم کا عنوان بتائیے ؟

ج : شکوہ ۔

س : ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات

علامہ نے ان الفاظ میں کس عرب شاعر کی ترجمانی کی ہے ؟

ج : ابوالعلا معری جو نابینا تھا اور گوشت نہ کھاتا تھا ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : مسجد تو بنا دی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے
من اپنا پرانا پاپی تھا ، برسوں میں نمازی بن نہ سکا
علامہ نے یہ شعر کس مسجد کے متعلق لکھا تھا ؟

ج : شاہ عالمی دروازہ کے باہر کی مسجد ، جسے لاہور کے مسلمانوں نے ایک رات میں تیار کر دیا تھا ۔

س : ہسپانیہ میں مسجد قرطبہ کس مسلمان بادشاہ نے بنوائی تھی ؟

ج : اموی خلیفہ عبدالرحمٰن

س : جعفر اور صادق برصغیر کے دو بڑے غدار گزرے ہیں ۔ ان کے متعلق علامہ کا کوئی ایک شعر سُنا دیجیے ۔

ج : جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگِ آدم ، ننگِ دیں ، ننگِ وطن

س : حمیّت نام ہے جس کا گئی تیمور کے گھر سے
اقبال نے اس مصرعے میں ایک تاریخی المیہ کی طرف اشارہ کیا ہے کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ الفاظ کس نے کہے تھے ؟

ج : غلام قادر روہیلہ نے جب اُس نے دہلی پر قبضہ کر کے تیموری شاہزادیوں کو ناچنے کا حکم دیا ۔

س : اگر ہوتا وہ مجذوب فرنگی اس زمانے میں
تو اقبال اُس کو سمجھاتا ، مقامِ کبریا سے
اقبال نے یہ شعر کس کے متعلق کہا ہے ؟

ج : جرمن فلاسفر نیٹشے (نطشے) کے متعلق ۔

س : دریائے کبیر کس ملک کا دریا ہے ؟ اور اس کے کناروں پر مسلمانوں کی کون سی تاریخی یادگار اب تک موجود ہے ؟

ج : دریائے کبیر ہسپانیہ کا ایک مشہور دریا ہے جس کے کنارے پر مسلمانوں کی یادگار مسجد قرطبہ اب تک قائم ہے ۔

س : احترامِ آدمیت کے متعلق علامہ کا کوئی ایک شعر سُنائیے ۔

ج : آدمیّت ، احترامِ آدمی
باخبر شو از مقامِ آدمی

س : اقبال نے کس مصرعہ میں حیات بعد الممات کا تصور پیش کیا ہے ؟

ج : یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی

س : یہ کس نے اور کس سے کہا تھا ؟
قصۂ آدم کو رنگیں کر گیا میرا لہو

ج : اقبال کے کلام میں یہ ابلیس نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہا ۔

س : سید جمال الدین افغانیؒ داعی اتحادِ عالم اسلام کہاں پیدا ہوئے اور کہاں دفن ہوئے ؟

ج : سید جمال الدین افغانیؒ سعد آباد (افغانستان) میں پیدا ہوئے اور ترکی میں دفن ہوئے ۔ لیکن ایک مدت کے بعد اُن کی لاش کو افغانستان میں لا کر دفن کیا گیا ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : اقبال نے کس علاقے کے متعلق یہ کہا ہے :

وہ نظر آتا ہے تہذیبِ حجازی کا مزار

ج : جزیرہ صقلیہ کے متعلق۔

س : ارژنگ کس کی تصاویر کا مجموعہ ہے ؟

ج : مانی کا ۔

س : علامہ اقبال اپنے اُستاد مولانا میر حسن کے گھر کا سودا لایا کرتے تھے ۔
ایک دن اُستاد نے دیکھ لیا فرمایا۔ تم کیوں سودا لاتے ہو تم میرے
شاگرد ہو نوکر نہیں ہو۔ بتائیے اقبال نے کیا شگفتہ جواب دیا ؟

ج : اقبال نے کہا جناب میں آپ کا نوکر شاگرد ہوں ۔

س : ایک پارٹی میں ایک حسین خاتون آئیں جن کے بال سنہرے تھے
اور گالوں پہ سنہری رُو ئیں۔ عطیہ فیضی نے اقبال کی توجہ اس خاتون
کی طرف دلائی تو اقبال نے کیا شعر فی البدیہہ سُنایا ؟

ج : اس کے عارض پر سنہری بال ہیں
ہو طلائی اُسترا اس کے لیے

س : علی بہادر حبیب اللہ یورپ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے واپس لوٹے
تو علامہ سے ملے ۔ اور فخریہ کہا آٹھ سال کا تھا جب میں انگلستان
چلا گیا تھا ۔ اقبال نے ان پر کیا مصرعہ کہا ؟

ج : میموں کے سائے میں ہم پل کر جواں ہوئے ہیں

س : اقبال ایک دفعہ جب سکول میں دیر سے آئے تو اُن کے دیر سے

آنے کی وجہ پُوچھی تو علامہ نے اُستاد کو کیا جواب دیا ؟

ج : جناب، اقبال ہمیشہ دیر ہی سے آتا ہے ۔

س : ایک دفعہ اقبال کو آٹھ آنے جرمانہ اس لیے ہُوا تھا کہ اُنہوں نے
اُستاد پر ایک ہجو یہ شعر لکھا تھا ۔ مگر اقبال نے اُستاد کو کیا کہہ کر
ایک رُوپیہ ہی دے دیا ؟

ج : آٹھ آنے یہ کہہ کر زاید دیے کہ میں نے ایک اور شعر آپ کی
شان میں لکھا ہے یہ آٹھ آنے اس کا جرمانہ پیشگی وصول کریں ۔

س : علامہ اقبال کے خاص احباب میں سے چھ کے نام بتائیے ؟

ج : سر عبد القادر، سر شہاب الدین، راجہ نریندر ناتھ، سر جوگندر سنگھ،
نواب ذوالفقار علی خاں، مرزا جلال الدین ۔

س : اقبال عام طور پر اپنے احباب سے کس زبان میں باتیں کیا کرتے
تھے ؟

ج : پنجابی زبان میں ۔

س : علامہ جب میکلوڈ روڈ کی بوسیدہ کوٹھی میں آ گئے تو سالک صاحب
نے کہا کیا آپ کو کرائے پر اور کوٹھی نہ مل سکتی تھی ۔ تو علامہ نے
کیا جواب دیا ؟

ج : علامہ نے فرمایا ۔ یہ تو میری دُعاؤں کے سہارے کھڑی ہے ۔ اس
میں کھڑے رہنے کی کوئی بات باقی نہیں ۔

س : علامہ اقبال کی والدہ ماجدہ کا نام امام بی بی تھا ۔ عام طور پر انھیں

qasarulkutub.blogspot.com

کس نام سے پکارا جاتا تھا ؟

ج : بے جی۔

س : اقبال کی والدہ ان کو کس نام سے پکارا کرتی تھیں ؟

ج : بالی کے نام سے۔

س : نادر شاہ والیٔ افغانستان نے علامہ اقبال کے ساتھ کن معروف ہستیوں کو افغانستان آنے کی دعوت دی تھی ؟

ج : سید سلیمان ندوی اور سر راس مسعود۔

س : علامہ اقبال نے اپنے کس دوست کی بیٹی کا نام نادرہ رکھا تھا ؟

ج : سر راس مسعود کی بیٹی کا نام۔

س : علامہ کی سب سے پہلی کتاب کا نام بتائیے ؟

ج : علم الاقتصاد۔

س : نشاں یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا
کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں

اقبال کا یہ شعر ان کے کس مجموعۂ کلام کا ہے؟ کتاب کا نام بتائیے۔

ج : ارمغانِ حجاز۔

س : علامہ اقبال کا کون سا شعری مجموعہ پہلے شائع ہوا تھا؟

ج : بانگِ درا۔

س : اقبال بازار چوڑی گراں سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ آج کل اس بازار کو کس نام سے پکارا جاتا ہے ؟

ج : بازارِ اقبال۔

س : ارمغانِ حجاز کی پہلی اردو نظم کا عنوان بتائیے ؟

ج : خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

س : علامہ اقبال کے استاد سید میر حسن کا انتقال کب ہوا ؟

ج : ۲۵ ستمبر ۱۹۳۹ء کو۔

س : خودی نہ بیچ فقیری میں نام پیدا کر
اس کا پہلا مصرعہ بتائیے ؟

ج : میرا طریق امیری نہیں غریبی ہے

س : علامہ اقبال نے مرے کالج سیالکوٹ میں کس تاریخ کو داخلہ لیا۔

ج : ۵ مئی ۱۸۹۳ء

س : علامہ اقبال کے محبوب پرندے کا نام بتائیے۔

ج : شاہین۔

س : مولانا عبدالماجد دریا آبادی نے اقبال کو کس لقب سے یاد کیا ہے ؟

ج : امام العصر۔

س : اقبال کا شعر ہے :

میر سد مردے کہ زنجیر غلاماں بشکند
دیدہ ام از روزنِ دیوارِ زندانِ شما

اس شعر میں اقبال نے کس مردِ عظیم کی طرف اشارہ کیا ہے ؟

ج : حضرت قائدِ اعظم محمد علی جناح کی طرف ۔

س : پریشاں ہو کے میری خاک آخر دل نہ بن جائے
جو مشکل اب ہے یارب پھر وہی مشکل نہ بن جائے
بتایئے علامہ کے کس مجموعہ کلام کا یہ شعر ہے ؟

ج : بالِ جبریل کا ۔

س : بالِ جبریل، علامہ کا کون سا مجموعہ کلام ہے اور کب شائع ہوا ؟

ج : بالِ جبریل دوسرا مجموعہ کلام ہے اور ۱۹۳۵ء میں شائع ہوا ۔

س : بانگِ درا کی نظم نالۂ فراق، اقبال نے کس شخصیت کے متعلق کہی ؟

ج : اپنے اُستاد پروفیسر آرنلڈ کے متعلق ۔

س : علامہ اقبال کے مزار کی تعمیر کا کام کس سن میں شروع ہوا ؟

ج : ۱۹۴۶ء میں ۔

س : علامہ کی قبر کا تعویذ کہاں سے آیا تھا ؟

ج : افغانستان سے ۔

س : علامہ اقبال کس سن میں گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفہ کے پروفیسر مقرر ہوئے ؟

ج : ۱۹۱۱ء میں ۔

س : پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری کس سن میں حاصل کی ؟

ج : ۱۹۰۸ء میں ۔

س : اقبال کی زندگی میں آپ کی کون سی آخری کتاب شائع ہوئی تھی ؟

ج : فارسی مثنوی پس چہ باید کرد اے اقوامِ مشرق ۔

س : کشتیٔ مسکیں، جانِ پاک، دیوارِ یتیم، علامہ کی کس نظم کا یہ مصرعہ ہے ؟

ج : خضرِ راہ ۔

س : علامہ کو وہ کون سا شوق تھا جو جاوید اقبال کی پیدائش تک قائم رہا ؟

ج : کبوتر پالنا ۔

س : علامہ اقبال کا ایک اور بھی شوق تھا وہ کیا تھا ؟

ج : حقہ پینا ۔

س : ہاں، علامہ کا ایک اور شوق بھی تھا۔ بتایئے وہ کیا تھا ؟

ج : موسیقی سننا

س : کیا بتا سکتے ہیں کہ گانا سنتے ہوئے آپ نے کون سی دو نظمیں موزوں کیں ؟

ج : یارب دلِ مسلم کو وہ زندہ تمنا دے
اور دوسری
چین و عرب ہمارا سارا جہاں ہمارا

س : گرمیوں میں علامہ کا لباس کیا ہوتا تھا ؟

ج : آدھی آستینوں کی بنیان اور لٹھے کا تہ بند ۔

س : ۱۹۲۶ء میں جب قائدِ اعظم علامہ اقبال سے ملنے آئے تو آپ نے کون سے تاریخی الفاظ کہے تھے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : "میں آپ کے مشن کی کامیابی کے لیے اپنے لہو کا آخری قطرہ نچوڑ دوں گا۔"

س : علامہ کو سب سے زیادہ کون سا پھل پسند تھا ؟

ج : آم ۔

س : آپ کا پسندیدہ کھاجا کیا تھا ؟

ج : ریوڑیاں، کشمش اور اخروٹ کا مغز ۔

س : اقبال نے بچوں کے لیے جو نظمیں لکھی ہیں ان میں سے چار کے عنوان بتا دیجیے ؟

ج : بچے کی دعا، ہمدردی، ماں کا خواب، پرندے کی فریاد، ایک مکڑا اور مکھی، ایک گائے اور بکری، پہاڑ اور گلہری، جگنو اور بلبل، ہمالہ، میرا وطن وہی ہے ۔

س : پس چہ باید کرد، علامہ کی یہ فارسی مثنوی ہے ۔ بتائیے یہ کس سن میں شائع ہوئی ؟

ج : ۱۹۳۶ء میں ۔

س : علامہ کی وہ کون سی کتاب ہے جو ان کی وفات کے بعد شائع ہوئی ؟

ج : ارمغانِ حجاز ۔

س : علامہ کی فارسی مثنوی اسرارِ خودی کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا تھا ؟

ج : پروفیسر نکلسن نے ۔

س : دِل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے
بتائیے یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے ؟

ج : جوابِ شکوہ کا ۔

س : شاہین کو علامہ نے مردِ مومن کی علامت قرار دیا ہے، کیوں ؟

ج : شاہین میں اسلامی فقر کی تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔

س : شاہین کی کیا خصوصیات ہیں ؟

ج : خوددار ہے ۔ غیرت مند ہے ۔ کسی کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا ۔ آشیاں نہیں بناتا ۔ بلند پرواز ہے ۔ تیز نگاہ ہے ۔

س : اقبال کے نزدیک عقل و عشق میں کیا فرق ہے ؟

ج : عقل محدود ہے اور عشق لاانتہا یعنی غیر محدود ۔

س : حیدرآباد دکن میں کن مشہور خطیب نے درسِ اقبال کا سلسلہ شروع کیا تھا ؟

ج : نواب بہادر یار جنگ نے ۔

س : اقبال کے نزدیک خودی کا کیا مطلب ہے ؟

ج : احساسِ نفس یا تعینِ ذات ۔

س : اٹلی میں ایک عورت نے اسلامی طرز پر تعمیر کرا کے ایک مصنوعی جنت بنائی ۔ اُس نے اقبال کو وہاں بلایا اور اس جنت کے متعلق علامہ کی رائے دریافت کی تو علامہ نے کیا جواب دیا ؟

ج : علامہ نے فرمایا ۔ جنت بھی ہے اور حوا بھی ہے کسر صرف ایک مردِ مومن

daserulkutub.blogspot.com

کی ہے ۔

س : علامہ اقبال نے اپنے والد کی قبر پر جو کتبہ لکھوایا اُس پر کیا لکھا ہے ؟

ج : پدرِ و مرشدِ اقبال ۔

س : ایک درویش نے علامہ سے پوچھا : خدا سے ملنا چاہتے ہو؟ آپ نے اس کا کیا جواب دیا ؟

ج : ہرگز نہیں ۔ قطرہ دریا میں مل جائے تو نابود ہو جاتا ہے ۔ میں قطرہ رہ کر دریا بنا چاہتا ہوں ۔

س : اقبال کا شعر ہے :

مسجد تو بنا دی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے
من اپنا پرانا پاپی تھا، برسوں سے نمازی بن نہ سکا

بتائیے اس شعر میں کس مسجد کا ذکر کیا گیا ہے ؟

ج : یہ وہ مسجد ہے جو شاہ عالمی دروازہ کے باہر لاہور کے مسلمانوں نے راتوں رات تعمیر کر دی تھی ۔

س : مثنوی "رموزِ بے خودی" کس سن میں شائع ہوئی ؟

ج : ۱۹۱۸ء میں ۔

س : اس مثنوی کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا ؟

ج : پروفیسر آربری نے ۔

س : "پیامِ مشرق" کب شائع ہوئی ؟

ج : ۱۹۳۸ء میں ۔

س : "بانگِ درا" علامہ کی اُردو نظموں کا مجموعہ کس سن میں شائع ہوا ؟

ج : ۱۹۲۴ء میں

س : "زبورِ عجم" کب شائع ہوئی اور یہ کس زبان میں ہے ؟

ج : ۱۹۲۷ء میں شائع ہوئی اور فارسی زبان میں ہے ؟

س : "جاوید نامہ" کب چھپی ؟

ج : ۱۹۳۲ء میں ۔

س : "بالِ جبریل" کا پہلے کیا نام رکھا گیا تھا ؟

ج : نشانِ منزل ۔

س : بالِ جبریل کس سن میں شائع ہوئی ؟

ج : ۱۹۳۵ء میں ۔

س : مثنوی مسافر کس سن میں شائع ہوئی ؟

ج : ۱۹۳۴ء میں ۔

س : ضربِ کلیم علامہ کا مجموعہ کلام کس زبان میں ہے اور کب شائع ہوا ؟

ج : یہ اُردو نظموں کا مجموعہ ہے جو ۱۹۳۶ء میں شائع ہوا ۔

س : علامہ کے مزار کا نقشہ کس انجینئر نے بنایا تھا ؟

ج : حیدر آباد دکن کے نواب زین یار جنگ نے ۔

س : علامہ کے مزار کی تعمیر کس سن میں مکمل ہوئی ؟

ج : فروری ۱۹۵۰ء میں ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : لاہور میں علامہ کی یاد میں جو عمارت تعمیر ہو رہی ہے اس کا کیا نام تجویز ہوا ہے؟

ج : ایوانِ اقبال ۔

س : لاہور کے ایک مشاعرے میں جس میں شہزادہ مرزا عبدالغنی ارشد گورگانی بھی شریک تھے ۔ اقبال کے ایک شعر پر مرزا پھڑک اُٹھے تھے اور کہا تھا "اقبال یہ عمر اور یہ شعر" وہ شعر کیا تھا؟

ج : موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لیے
قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

س : علامہ اقبال کی پہلی نظم کس اُردو رسالے میں چھپی تھی؟

ج : رسالہ "مخزن" میں جو لاہور سے نکلتا تھا ۔

س : اس وقت اس رسالے کے ایڈیٹر کون تھے؟

ج : سر شیخ عبدالقادر مرحوم ۔

س : علامہ اقبال نے کتنی شادیاں کیں؟

ج : تین ۔

س : اس لڑکی کا نام بتائیے جو جنگ طرابلس میں زخمی مجاہدین کو پانی پلاتے ہوئے شہید ہو گئی تھی؟

ج : فاطمہ بنت عبداللہ ۔

س : ۱۹۱۲ء کی طرابلس کی جنگ پر علامہ نے کچھ اشعار میں اپنے آپ کو بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں ایک تحفہ

پیش کرتے ہوئے ایک شعر پڑھتے ہیں ۔ وہ شعر کیا ہے؟

ج : جھلکتی ہے تیری امّت کی آبرو اس میں
طرابلس کے شہیدوں کا ہے لہو اس میں

س : طرابلس کی جنگ کے سلسلے میں آپ نے یہ شعر کس جگہ سنائے تھے؟

ج : لاہور کی شاہی مسجد میں ۔

س : علامہ کی کتاب "مثنوی اسرارِ خودی" کی کتابت لاہور کے کس خوش نویس نے پہلے پہل کی تھی؟

ج : منشی فضل الٰہی مرغوب رقم نے ۔

س : علامہ کو سر کا خطاب کس تاریخ اور سن میں ملا؟

ج : یکم جنوری ۱۹۲۳ء کو ۔

س : اقبال کس سن میں صوبائی مجلسِ قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے؟

ج : ۱۹۲۶ء میں ۔

س : ڈاکٹر جاوید اقبال کی تاریخ پیدائش اور مقام پیدائش بتائیے؟

ج : جاوید اقبال ۵ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے ۔

س : علامہ ۱۹۲۹ء میں کس شخصیت کی دعوت پر لیکچر دینے کے لیے مدراس گئے تھے؟

ج : مسلم ایسوسی ایشن کے بانی سیٹھ محمد جمال کی دعوت پر ۔

س : دوسری گول میز کانفرنس میں آپ کے اور کون ساتھی تھے؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : سر آغا خان، مولانا محمّد علی جوہر اور مولانا شوکت علی ۔

س : موسیولینی سے علامہ کی ملاقات کس تاریخ کو ہوئی تھی ؟

ج : ۲۷ رنومبر ۱۹۳۱ء کو ۔

س : موتمرِ عالمِ اسلامی کا اجلاس جس میں علامہ اقبال نے شرکت کی، کب اور کہاں منعقد ہوا تھا ؟

ج : ۷ ردسمبر ۱۹۳۱ء کو بیت المقدس میں ۔

س : موتمرِ عالمِ اسلامی منعقدہ بیت المقدس میں علامہ کو کیا عہدہ ملا ؟

ج : نائب صدر کا ۔

س : ۱۹۲۲ء میں علامہ نپولین کے مزار پر گئے اور اس پر ایک نظم لکھی۔ اس نظم کا ایک شعر سنا دیجیے ؟

ج : رازہے رازہے تقدیرِ جہانِ تگ و تاز
جوشِ کردار سے کُھل جاتے ہیں تقدیر کے راز

س : علامہ کس سن میں مسجد قرطبہ کی زیارت کے لیے سپین گئے ؟

ج : ۱۹۳۲ء میں ۔

س : کتنی مدّت کے بعد مسجد قرطبہ میں علامہ اقبال نے اذان کہی ۔

ج : تقریباً سات سو سال بعد ۔

س : علامہ نے اسی مسجد میں ایک نظم دعائیہ کہی تھی۔ اس کا ایک شعر سنا دیجیے ؟

ج : ہے یہی مری نماز، ہے یہی میرا وضو
میری نواؤں میں ہے میرے جگر کا لہو

س : مسجد قرطبہ والی نظم علامہ کے کس مجموعہ کلام میں ہے ؟

ج : بالِ جبریل میں ۔

س : حضرت علامہ نے کب حضرت مجدّد کے مزار پر حاضری دی ؟

ج : ۲۹ رجون ۱۹۳۴ء کو ۔

س : علامہ کی زندگی کا بڑا نصب العین کیا رہا ؟

ج : اتحاد بین المسلمین ۔

س : ۱۹۷۶ء میں ڈاکٹر اقبال کے ڈاک ٹکٹ کا ڈیزائن کس نے بنایا تھا ؟

ج : محمد عارف جاوید نے ۔

س : علامہ اقبال کے یوم پیدائش کا ڈاک ٹکٹ کب جاری ہوا ؟

ج : نومبر ۱۹۷۴ء میں ۔

س : بیچتا ہے ہاشمی ناموسِ دینِ مصطفیٰ
خاک و خوں میں مل رہا ہے ترکمانِ سخت کوش
بتائیے یہ شعر علامہ کی کس نظم کا ہے ؟

ج : خضرِ راہ کا ۔

س : علامہ کی ایک کتاب کا نام ہے "زبورِ عجم" علامہ نے اس کے پڑھنے کی تاکید میں کیا شعر لکھا ہے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : علامہ کے شعر کا مصرعہ ہے :

گر ہو ذوق تو خلوت میں پڑھ زبورِ عجم

س : "اقبال شیکسپئر اور ٹیگور سے کئی ہزار فٹ اونچا نظر آتا ہے"۔ یہ الفاظ کس بزرگ ہستی نے کہے تھے ؟

ج : خواجہ حسن نظامی مرحوم نے۔

س : کس رسالے نے سب سے پہلے اقبال نمبر شائع کیا تھا ؟

ج : نیرنگِ خیال لاہور نے۔

س : یہ بتائیے علامہ کی صد سالہ تقریبات کا جشن کس تاریخ ، مہینے اور سن کو شروع ہوا ؟

ج : ۷ جنوری ۱۹۷۷ء کو۔

س : مثنوی اسرار خودی کے دوسرے حصّے کا نام بتائیے ؟

ج : رموزِ بےخودی۔

س : علامہ کس سن میں بیرسٹری کی تعلیم کے لیے انگلستان گئے تھے ؟

ج : ۱۹۰۵ء میں۔

س : علامہ اقبال کا یومِ وفات بتائیے ؟

ج : جمعرات۔

س : علامہ اقبال کی مثنوی اسرارِ خودی کا عربی ترجمہ کرنے والے کا نام بتائیے ؟

ج : عبدالوہاب عظام۔

س : یہ بتائیے کہ لاہور میں جس سڑک کو علامہ اقبال روڈ کہا جاتا ہے اس کا پہلا نام کیا تھا ؟

ج : میو روڈ۔

س : اقبال نے اپنی مشہور نظم "شکوہ" انجمن حمایت اسلام کے کون سے اجلاس میں سُنائی تھی ؟ سن بھی بتائیے ؟

ج : ۲۶ ویں اجلاس میں۔ سن تھا ۱۹۱۱ء۔

س : علامہ کے ایک شعر کا مصرعہ ہے :

جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

اس کا پہلا مصرعہ سُنا دیجیے ؟

ج : اے طائرِ لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی

س : سر شیخ عبدالقادر نے بانگِ درا کے دیباچے میں علامہ کا ایک شعر درج ہے۔ وہ شعر کیا ہے ؟

ج : گیسوئے اُردو ابھی منت پذیرِ شانہ ہے
شمع یہ سودائی دل سوزیٔ پروانہ ہے

س : یہ بتائیے کہ علامہ نے بار ایٹ لا اور پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگریاں کس سن میں حاصل کیں ؟

ج : ۱۹۰۸ء میں۔

س : ڈاکٹر جاوید اقبال کی والدہ کہاں دفن ہیں ؟

ج : قبرستان بی بی پاک دامن میں۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : کس بادشاہ کو علامہ نے "درویش بادشاہ" کے نام سے یاد کیا تھا ؟

ج : افغانستان کے بادشاہ نادر شاہ درانی کو ۔

س : مرے کالج سیالکوٹ میں داخلے کے وقت اقبال کی عمر کیا تھی ؟

ج : اٹھارہ سال ۔

س : علامہ نے مدراس میں جو خطبات دیے وہ انگریزی میں تھے ۔ ان کا اُردو میں ترجمہ کس نے کیا ؟

ج : سیّد نذیر نیازی صاحب مرحوم نے ۔

س : یہ بتائیے کہ رسالہ "طلوعِ اسلام" کس نے نکالا اور کس کے مشورے سے نکالا ؟

ج : سیّد نذیر نیازی نے ، اور مشورہ تھا علامہ اقبال کا ۔

س : اقبال کو کس بزرگ ہستی نے اپنا روحانی بیٹا کہا تھا ؟

ج : اقبال کے اُستاد شمس العلماء میر حسن صاحب نے ۔

س : مولانا میر حسن کا پہلا نام کیا تھا ؟

ج : سیّد محمد شاہ ۔

س : افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملّت کے مقدر کا ستارا
یہ شعر علامہ کے کس مجموعہ کلام سے لیا گیا ہے ؟

ج : ارمغانِ حجاز سے ۔

س : ہزار چشمہ ترے سنگِ راہ سے پھوٹے
خودی میں ڈوب کے ضربِ کلیم پیدا کر
علامہ کی کس کتاب کا یہ ابتدائی شعر ہے ؟

ج : ضربِ کلیم ۔

س : اقبال نے اپنے کلام میں ضربِ کلیم کا بہت ذکر کیا ہے ۔ بتائیے ضربِ کلیم کا اشارہ کس کی طرف ہے ؟

ج : حضرت موسیٰؑ کے عصا کی طرف ، جس کے مارنے سے پانی میں راستہ بن گیا اور پتھر پر مارنے سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے تھے ۔

س : عصائے موسیٰ کی اور کیا خوبی تھی ؟

ج : حضرت موسیٰؑ جب اُسے زمین پر پھینکتے تھے تو وہ اژدہا بن جاتا تھا ۔

س : یدِ بیضا کے معنی بتائیے ؟

ج : چمکتا ہوا ہاتھ ۔

س : یہ معجزہ کس نبی کو عطا ہوا ؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ۔

س : خضرِ راہ علامہ کی ایک مشہور نظم ہے ۔ اس نظم میں جو واقعات ہیں ان کا ذکر قرآنِ مجید میں موجود ہے ۔ کیا قرآن میں کہیں حضرت خضر کا نام بھی آیا ہے ؟

ج : قرآنِ حکیم میں خضر کا کوئی نام نہیں آیا ۔ صرف ایک آدمی کا ذکر ہے

qasarulkutub.blogspot.com

جو حضرت موسیٰؑ کو دریا کے کنارے پر ملتا ہے۔

س : علامہ نے اپنی ایک کتاب میں حضرت بوعلی قلندر پانی پتی کے ایک واقعہ کو منظوم کیا ہے۔ اس کتاب کا نام بتا دیجیے ؟

ج : مثنوی اسرارِ خودی۔

س : علامہ نے رموزِ خودی میں "سلطان مراد اور معمار" کا واقعہ منظوم کیا ہے۔ جس میں سلطان مراد معمار کا ہاتھ کٹوا دیتا ہے۔ قاضی فیصلہ دیتا ہے کہ سلطان کا ہاتھ کاٹ دیا جائے۔ معمار کیا کہ سلطان کو معاف کر دیتا ہے۔ اقبال کے شعر میں بیان کیجیے ؟

ج : گفت از بہرِ خُدا بخشیدمش
از برائے مصطفیٰ بخشیدمش

س : معمار نے قرآن کی کون سی آیت اس موقع پر پڑھی ؟

ج : اِنَّ اللّٰہَ یَامُرُکُمْ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَان

س : قرآن حکیم کی کون سی آیت ہے جس میں بدلہ لینے کا حکم آیا ہے ؟

ج : وَلَکُمْ فِی الْقِصَاصِ حَیٰوۃٌ یّٰاُولِی الْاَلْبَاب

س : علامہ کی کس کتاب میں اورنگ زیب عالمگیر کے اُس واقعہ کا ذکر کیا گیا ہے جب اس نے نماز پڑھتے ہُوئے ایک شیر کو ہلاک کر دیا تھا ؟

ج : رموزِ بے خودی۔

س : زبورِ عجم کے کتنے حصے ہیں ؟

ج : دو۔

س : ان دونوں حصوں میں کتنی غزلیں ہیں ؟

ج : ایک سو اکتیس۔

س : در طلب کوش و مدہ دامنِ اُمید ز دست
دولتے ہست کہ یابی سرِ راہے گاہے

علامہ نے یہ شعر اپنی ایک کتاب کے شروع میں کتاب پڑھنے والوں کے لیے لکھا ہے۔ اس کتاب کا نام بتا دیجیے ؟

ج : زبورِ عجم حصہ اوّل۔

س : بتائیے جوابِ شکوہ کے کل اشعار کی تعداد کتنی ہے ؟

ج : ایک سو آٹھ۔

س : اقبال کا یومِ پیدائش بتائیے ؟

ج : جمعہ۔

س : ۱۹۳۱ء میں علامہ نے روم کے ایک جلسہ میں تقریر کی تھی۔ بتائیے اس جلسہ کی صدارت کس نے کی تھی ؟

ج : سائنیو مارکونی نے۔

س : علامہ اقبال نے آل پارٹیز کانفرنس کی صدارت کے فرائض کس سن میں انجام دیے ؟

ج : مارچ ۱۹۳۲ء میں۔

س : اقبال نے "مجذوب فرنگی" کس مغربی شاعر کو کہا ہے ؟

ج : نیٹشے یا نطشے کو۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : اقبال نے "پیغمبرِ بے جبریل" کس مغربی مفکر کو کہا ہے ؟

ج : کتاب "سرمایہ" کے یہودی مصنف کارل مارکس کو ۔

س : جاوید نامہ کے فلکِ قمر میں اقبال کی ملاقات ایک ہندی عارف سے ہوتی ہے ۔ اہلِ ہند اُسے کس نام سے پکارتے ہیں ؟

ج : جہاں دوست کے نام سے ۔

س : اقبال فارسی کے کن دو بڑے شعراء سے متاثر نظر آتے ہیں ؟

ج : مولانا روم اور میرزا بیدل سے ۔

س : گلشنِ دہر میں تیرا ہم نوا خوابیدہ ہے

اقبال اس مصرعہ میں کس کو خطاب کر رہے ہیں ؟

ج : میرزا اسد اللہ خاں غالب کو ۔

س : شاعری میں اقبال کے اُستاد کون تھے ؟

ج : نواب مرزا خاں داغ دہلوی ۔

س : گوتم کون تھا ؟ اور اس کا اصلی نام کیا تھا ؟

ج : گوتم سے مراد مہاتما بدھ ہے ۔ اس کا اصل نام سدھارتھ تھا ۔

س : جاوید نامہ میں افغانی کا نام آیا ہے ۔ اس نام سے آپ کے ذہن میں کس شخصیت کا پورا نام اُبھرتا ہے ؟

ج : سید جمال الدین افغانی ۔

س : سید جمال الدین افغانی کی قبر کہاں ہے ؟

ج : پہلے تو اُنھیں ترکی میں دفن کیا گیا لیکن بعد میں ان کی میت لا کر

افغانستان میں دفن کی گئی ۔

س : کیمبرج یونیورسٹی میں ایک انگریز نے علامہ سے سوال کیا کہ یہ کیا بات ہے کہ تمام نبی برِّ اعظم ایشیا میں پیدا ہوئے ۔ یورپ میں کوئی نبی پیدا نہ ہوا ؟ علامہ نے اس کا کیا جواب دیا ؟

ج : علامہ نے کہا ، یہ خدا اور شیطان کی تقسیم تھی ۔ خدا نے ایشیا کو پسند کیا اور شیطان نے مغرب کو ۔

س : اس صاحب کے ضمنی سوال پہ کہ شیطان کے پیغمبر کون ہوئے ۔ علامہ نے کیا جواب دیا ؟

ج : علامہ نے فرمایا : میکیاولی شیطان کا پیغمبر تھا ۔

س : علامہ کی ایک نظم "تصویرِ درد" ہے ۔ بتائیے علامہ نے یہ نظم انجمن حمایت اسلام کے سالانہ جلسہ میں کس سن میں پڑھی تھی ؟

ج : ۱۹۰۴ء میں ۔

س : "اقبال گہوارۂ تربیت میں" اس کتاب کے مصنف کا نام بتائیے ؟

ج : نقیر حسین ساحر ۔

س : کافر کی یہ پہچان کہ آفاق میں گم ہے

مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہیں آفاق

بتائیے یہ شعر علامہ کی کس کتاب سے لیا گیا ہے ؟

ج : ضربِ کلیم سے ۔

س : حیدر آباد دکن کے وزیرِ اعظم سر اکبر حیدری نے نواب کے توشہ خانہ

qasarulkutub.blogspot.com

نے علامہ کو ایک ہزار روپے کا چیک بھیجا لیکن چند اشعار کے ساتھ وہ چیک واپس کر دیا گیا آخری شعر بتائیے۔ جس میں انکار کی وجہ بیان کی گئی ہے۔

ج : وہ شعر یہ ہے :

غیرتِ فقر مگر کر نہ سکی اس کو قبول
جب کہا اُس نے یہ ہے میری خدائی کی زکات

س : غرناطہ میں قصرِ الحمرا کس خاندان نے بنوایا تھا؟

ج : بنو نصر نے۔

س : الکاسب حبیب اللہ۔ یہ قرآن کی آیت ہے یا حدیث؟ معنی بھی بتائیے۔

ج : یہ حدیث ہے اور اس کے معنی ہیں، ہاتھ سے کام کرنے والا اللہ کا دوست ہے۔

س : امریک سے کیا مراد ہے؟

ج : امریکا۔

س : اُندلس کس مُلک کا نام تھا؟

ج : ہسپانیہ یا سپین کا۔

س : المان کس مُلک کا نام ہے؟

ج : جرمنی کا۔

س : "زکشتِ ماد اخذ ننگِ آخریں" اس مصرعہ میں اقبال کا اشارہ کس ہستی

کی طرف ہے؟

ج : اورنگ زیب عالمگیر شہنشاہِ ہند کی طرف۔

س : ایاز غلام تھا؟ اقبال نے اپنے کلام میں اس کا اکثر ذکر کیا ہے۔ ایاز کے متعلق کوئی ایک شعر سنا دیجیے۔

ج : ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

س : قطب الدین ایبک ہندوستان کا بادشاہ تھا۔ وہ کیسے مرا اور اس کا مزار کہاں ہے؟

ج : قطب الدین ایبک چوگان کھیلتے ہوئے فوت ہوا اور اس کا مزار انارکلی لاہور میں ہے۔

س : "ایرانِ صغیر" کس کو کہا گیا ہے؟

ج : کشمیر کو۔

س : اقبال کی بچوں کی نظم "پہاڑ اور گلہری" کس انگریز شاعر کی نظم سے ماخوذ ہے؟

ج : ایمرسن کی نظم ہے۔

س : "باب" کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج : اس کا نام سید علی محمد شیرازی تھا۔ اس نے باب العلم ہونے کا دعویٰ کیا اور بابی مذہب کی بنیاد رکھی۔

س : حقیقت میں باب العلم کس بزرگ ہستی کو کہا گیا ہے؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو۔

س : بابر کے لفظی معنی بتائیے ؟

ج : شیر۔

س : بابر ہندوستان میں مغل سلطنت کا بانی تھا۔ یہیں فوت ہوا۔
بتائیے بابر کو کہاں دفن کیا گیا ؟

ج : غزنی (افغانستان) میں۔

س : اقبال کس سن میں بابر کے مزار پر گئے ؟

ج : ۱۹۳۳ء میں۔

س : اقبال نے اپنے کلام میں بُدھ کا ذکر بھی کیا ہے ۔آپ بتا سکتے ہیں
بُدھ کون تھا اور کہاں کا رہنے والا تھا؟

ج : بُدھ کا نام سدھارتھ تھا۔ وہ کپل وستو کے راجا کا بیٹا تھا۔

س : ہنگری کا ایک نوجوان شاعر اپنے ملک کا دفاع کرتے ہوئے مارا
گیا۔ اس کی لاش بھی نہ ملی۔ اقبال نے اس پر لکھا ہے کہ چونکہ
تُو زمین سے نہ تھا اس لیے تُو زمین میں نہیں دفن ہوا۔ آپ اس
نوجوان شاعر کا نام بتا سکتے ہیں ؟

ج : پٹوفی۔

س : بالِ جبریل کے شروع میں ایک شعر ہے :

پھول کی پتّی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر

بتائیے یہ کس ہندی شاعر کے شعر کا ترجمہ ہے ؟

ج : راجہ بھرتری ہری۔

س : برہمن زادۂ رمز آشنائے روم و تبریز است
بتائیے برہمن زادہ کا اشارہ کس طرف ہے ؟

ج : اقبال اپنے آپ کو برہمن زادہ کہتے ہیں۔

س : علامہ اقبال کی ہنری برگساں سے ملاقات کب اور کہاں ہوئی تھی ؟

ج : ۱۹۳۲ء میں پیرس میں۔

س : ہلاکو خاں نے بغداد کو تباہ و برباد کر دیا۔ اس پر ایک ایرانی شاعر
نے لکھا تھا :

آسماں را حق بود گر خوں ببارد بر زمیں

اس شاعر کا نام بتا دیجیے ؟

ج : شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی۔

س : علامہ اقبال نے بلبلِ شیراز ایران کے کس شاعر کو کہا ہے؟

ج : شیخ سعدی شیرازی کو۔

س : باز گیر ایں عالمِ بدگوہرے
ورنہ بخشم ملکِ تو با دیگرے

اس شعر کے مفہوم کا ایک خط سلطان دہلی کو لکھا گیا تھا۔ یہ
بتائیے کہ یہ خط کس نے لکھا تھا ؟

ج : حضرت شاہ شرف بوعلی قلندر پانی پتی نے۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : بہاء اللہ کس مذہب کا بانی ہوا ہے ۔ یہ کس کا پیرو کار تھا ؟

ج : اس نے بہائی مذہب کی بنیاد رکھی ۔ یہ باب کا پیرو کار تھا ۔

س : بہارستان جامی کس کی تصنیف ہے ؟

ج : مولانا عبدالرحمٰن جامی کی ۔

س : ریاست بھوپال کے آخری نواب کا نام بتائیے ؟

ج : نواب سر حمید اللہ خاں ۔

س : بہزاد ایک مصوّر اور نقّاش تھا ۔ اس کا اصل نام بتائیے ؟

ج : کمال الدین ۔

س : اسداللہ کس کا لقب ہے ؟

ج : حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ۔

س : فرزین شطرنج کا ایک مہرہ ہے اسے عام طور پر کیا کہا جاتا ہے ؟

ج : وزیر ۔

س : اقبال نے یہ کس کے متعلق کہا ہے ؟

بہ زمیں سر بانہ دختی کہ تو از زمین نہ بودی

ج : ہنگری کے نوجوان شاعر پٹوفی کے متعلق ۔

س : پاژند کس فرقہ کی مذہبی کتاب ہے ؟

ج : پارسیوں کی ۔

س : ایک شعر ہے ؎

اللہ کا سو شکر کہ پروانہ نہیں ہیں

دریوزہ گرِ آتشِ بیگانہ نہیں ہیں

بتائیے یہ کون کہتا ہے اور اس نظم کا عنوان کیا ہے ؟

ج : یہ جگنو پروانہ سے کہتا ہے ۔ اور نظم کا عنوان ہے "جگنو اور پروانہ" ۔

س : پورس کون تھا اور اس کی کس سے لڑائی ہوئی تھی ؟

ج : پورس جہلم کے قریب کے علاقہ کا راجا تھا اور سکندرِ اعظم سے اس کی لڑائی ہوئی تھی ۔

س : اقبال کا کوئی ایسا مصرعہ سنائیے جس میں پنجۂ یہود آیا ہو ؟

ج : فرنگ کی رگِ جاں پنجۂ یہود میں ہے ۔

س : پیرِ عجم سے اقبال کی کیا مراد ہے ؟

ج : مولانا جلال الدین رومی ۔

س : یہ کس کا شعر ہے جسے اقبال نے اپنے کلام میں درج کیا ہے ؟

غنی روزِ سیاہِ پیرِ کنعاں را تماشا کن ۔ کہ نورِ دیدہ اش، روشن کند چشمِ زلیخا را

ج : غنی کاشمیری کا ۔

س : پیرِ مغرب سے اقبال کی کیا مراد ہے ؟

ج : جرمن شاعر گوئٹے ۔

س : بہ پیمانہ بہ بردارِ خمستان حجازم

اقبال نے کس کو کہا ہے ؟

ج : اپنے آپ کو ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : تاج محل آگرہ میں کون خاتون مدفون ہے ؟

ج : شہنشاہ شاہجہاں کی ملکہ ارجمند بانو۔

س : تارک اللحم کے معنی ہیں جو گوشت نہ کھاتا ہو۔ بتائیے اس سے کون سی شخصیت مراد ہے ؟

ج : عرب شاعر ابوالعلا معرّی، جو نابینا تھا۔

س : تبریز ایران کا ایک مشہور شہر ہے۔ بتائیے یہاں کے کس بزرگ کی بڑی شہرت ہے ؟

ج : حضرت شمس تبریزی کی۔

س : تحفۃ العراقین کس شاعر کی مثنوی ہے ؟

ج : خاقانی کی۔

س : کلیم اللہ کس نبی کا لقب ہے ؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا۔

س : کس ملک کے بادشاہ فغفور کہلاتے تھے ؟

ج : چین کے۔

س : تثلیث کو ماننے والے کون لوگ ہیں ؟

ج : عیسائی۔

س : باطنیہ فرقہ شیعوں کا ایک فرقہ ہے۔ بتائیے یہ عام طور پر کس نام سے یاد کیا جاتا ہے ؟

ج : اسماعیلیہ۔

س : فرقہ اسماعیلیہ کے بانی کون تھے ؟

ج : حضرت امام جعفر صادق کے بیٹے اسماعیل۔

س : ارنی کے معنی ہیں، مجھے جلوہ دکھا۔ یہ کس نے کس سے کہا تھا؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا سے کہا تھا۔

س : ایک پیغمبر کے نام کے ساتھ جب آرا کا لفظ آتا ہے تو کس پیغمبر کا نام ذہن میں ابھرتا ہے ؟

ج : حضرت زکریا علیہ السلام کا۔

س : سکندرِ اعظم کے استاد کا نام بتائیے ؟

ج : ارسطو۔

س : ارژنگ تصاویر کی ایک مجموعہ کا نام ہے۔ آپ مصوّر کا نام بتا دیجیے ؟

ج : مانی۔

س : فلسفہ اشراقی، افلاطونی فلسفہ ہے۔ مسلمانوں میں اس کے سب سے بڑے حامی کون ہوئے ہیں ؟

ج : شیخ شہاب الدین سہروردی۔

س : اقبال کے ایک شعر کا دوسرا مصرع ہے

از گروہِ گوسفندانِ قدیم

یہ ایک یونانی فلاسفر کے متعلق کہا گیا۔ آپ اس فلاسفر کا نام بتا دیجیے؟

ج : یونانی حکیم افلاطون۔

qasarulkutub.blogspot.com

س: اکبر اعظم نے ایک دین ایجاد کیا تھا۔ اس دین کا کیا نام تھا؟

ج: دینِ الٰہی۔

س: اورنگ زیب عالمگیر کے اس بھائی کا نام بتایئے جسے فلسفہ ویدانت سے گہری دلچسپی تھی؟

ج: دارا شکوہ۔

س: "انسان کامل" کس کی تصنیف ہے؟

ج: عبدالکریم بن ابراہیم الجیلی

س: شلر نے ایک ڈرامہ لکھا "توراں دخت"۔ یہ کس ایرانی شاعر کے کلام سے ماخوذ ہے؟

ج: مولانا نظامی کی کتاب "ہفت پیکر" سے۔

س: جامی فارسی زبان کے ایک مشہور شاعر ہیں۔ آپ اُن کا نام بتا دیجیے؟

ج: نورالدین عبدالرحمان۔

س: "جذب باہم" سے مراد باہمی تعلق اور کشش کے ہیں۔ اقبال کہتے ہیں، ستاروں میں باہمی جذب ہے جو آسمان پر ان کی محفل سجی ہوئی۔ اقبال نے مسلمانوں کو متحد ہونے کی تلقین کرتے ہوئے جو شعر لکھا ہے۔ وہ شعر سنا دیجیے؟

ج: قوم مذہب سے ہے، مذہب جو نہیں تم بھی نہیں
جذبِ باہم جو نہیں، محفلِ انجم بھی نہیں

س: جعفر اور صادق کون تھے؟

ج: ہندوستان کے دو غدار۔ جنھوں نے انگریزوں کو ہندوستان میں قدم جمانے کا موقع دیا۔

س: جل ترنگ ایک ساز ہے۔ بتایئے وہ کس طرح بجایا جاتا ہے؟

ج: چینی کی پیالیوں میں پانی ڈال کر، تیلیوں کے ساتھ۔

س: جمال الدین افغانی اتحاد بین المسلمین کے اوّلین بانی ہیں۔ ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: سید محمد بن صفدر۔

س: جمہوریت کے متعلق علامہ نے ایک مغربی مفکر سٹنڈل کا ایک قول شعر میں ڈھالا ہے۔ وہ شعر سنا دیجیے؟

ج: جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا جاتا ہے تولا نہیں جاتا

س: علامہ کا ایک شعر ہے
گریز از طرزِ جمہوری، غلام پختہ کارے شو
کہ از مغزِ دو صد خر فکرِ انسانی نمی آید
اس شعر کے معنی بتا دیجیے؟

ج: جمہوری طریقے سے ہٹ کر ایک پختہ کار انسان بن جا۔ کیونکہ اگر دو سو گدھوں کے بھیجے جمع کر لیے جائیں تو ان میں وہ فکر پیدا نہیں ہو سکتی جو ایک سلجھے ہوئے انسان میں ہوتی ہے۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : جہاں آباد کس شہر کو کہا جاتا ہے ؟

ج : دہلی کو ۔

س : علامہ نے دہلی کو "عجوزۂ ہزار داماد" کہا ہے ۔ یعنی اس بڑھیا کے ہزاروں داماد ہیں ۔ ایسا کیوں کہا گیا ہے ؟

ج : دہلی پر ہمیشہ حملے ہوتے رہے اور یہ اجڑتی رہی ۔

س : کاف و نون سے کیا مقصود ہے ؟

ج : کن اور فیکون ۔ یعنی خدا جب "کُن" کہتا ہے کہ اس کا جو مقصود ہوتا ہے وہ ہو جاتا ہے ۔

س : جوئے آب کسے کہتے ہیں ؟

ج : ندی یا نالے کو ۔

س : اقبال نے ایک جگہ لکھا ہے کہ جب اس نے فرشتوں سے پوچھا کہ یہ دوزخ ٹھنڈا اور یخ بستہ ہے ۔ اس میں آگ کہاں ہے ؟ تو فرشتوں نے جو جواب دیا وہ اقبال کے ایک شعر میں موجود ہے ۔ وہ شعر سنا دیجیے ؟

ج : وہ شعر یہ ہے ؎

اہلِ دنیا یہاں جو آتے ہیں
اپنے انگارے ساتھ لاتے ہیں

س : چاہِ بابل کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟

ج : کہا جاتا ہے کہ عراق میں ایک کنواں ہے جس میں دو فرشتے

ہاروت و ماروت قید ہیں ۔

س : چشتی سے کیا مراد ہے ؟

ج : خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ ۔

س : خواجہ معین الدین چشتیؒ کا ایک مشہور شعر ہے جو انھوں نے حضرت علی ہجویری داتا گنج بخشؒ کے متعلق فرمایا تھا ۔ وہ شعر سنا دیجیے ؟

ج : گنج بخش ، فیضِ عالم ، مظہرِ نورِ خدا
ناقصاں را پیرِ کامل ، کاملاں را راہنما

س : ضربِ کلیم سے کیا مراد ہے ؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا ۔

س : چلیپا کسے کہتے ہیں ؟

ج : صلیب کو ، جو عیسائیوں کا مقدس نشان ہے ۔

س : تموجن ، ایک مشہور ظالم و جابر فاتح کا نام تھا جس کی حکومت دور دور تک پھیل گئی تھی ۔ تاریخ میں یہ کس نام مشہور ہے ؟

ج : چنگیز خاں کے نام سے ۔

س : چینیوں کے متعلق اقبال نے کیا پیشین گوئی کی تھی ؟

ج : اقبال نے ایک شعر کہا ہے ؎

گراں خواب چینی سنبھلنے لگے
ہمالہ کے چشمے ابلنے لگے

س : اقبال نے اپنے ایک شعر میں چراغِ مصطفوی اور شرارِ بولہبی کا

qasarulkutub.blogspot.com

تقابل کرتے ہوئے ایک شعر کہا تھا۔ وہ شعر سنا دیجیے ؟

ج : ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغِ مصطفوی سے شرارِ بولہبی

س : وہ ہندوستان کی آبرو، مشرق کی عزت اور اسلام کا فخر تھا
علامہ نے کس بزرگ ہستی کی وفات پر یہ کلمات کہے تھے ؟

ج : علامہ سلیمان ندوی۔

س : علامہ اقبال کے دادا کا نام بتائیے ؟

ج : محمد رفیق۔

س : مولوی عبدالحق مرحوم نے اقبال پر لکھی جانے والی ایک کتاب پر تقریظ لکھی تھی۔ اس کتاب کا نام بتا دیجیے ؟

ج : باقیاتِ اقبال۔

س : جاوید نامہ کا سنِ اشاعت بتائیے ؟

ج : ۱۹۳۲ء۔

س : حضرت علامہ کی وفات پر ایک تاریخ گو شاعر نے اس شعر سے تاریخ وفات نکالی تھی۔ شاعر کا نام بتا دیجیے؟ شعر یہ ہے :۔

صدق و اخلاص و صفا باقی نہ ماند
آں قدح بشکست و آں ساقی نماند

ج : حفیظ ہوشیارپوری مرحوم۔

س : حکیم احمد شجاع نے اپنی ایک کتاب میں علامہ کے بارے میں اپنی

کچھ یادداشتیں جمع کی ہیں۔ اس کتاب کا نام بتائیے ؟

ج : خوں بہا۔

س : حافظ شیرازی کا نام بتلائیے ؟

ج : خواجہ شمس الدین۔

س : حدیث کی تعریف کیجیے ؟

ج : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلی ہوئی بات حدیث کہلاتی ہے۔ یعنی ارشاداتِ رسول۔

س : کسی کے شعر کا مصرعہ ہے
زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز
لیکن اس کے برعکس اقبال نے جو نظریہ پیش کیا ہے اس کے متعلق اقبال کا مصرعہ پیش کیجیے ؟

ج : زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ ستیز

س : مولانا الطاف حسین حالی پانی پتی کی سب سے زیادہ مشہور کتاب کا نام بتائیے ؟

ج : مسدس حالی۔

س : مسدس حالی کس کی فرمائش پر لکھی گئی تھی ؟

ج : سرسیّد احمد خان کی فرمائش پر۔

س : اقبال حالی کے کس شعر کو اکثر پڑھا کرتے تھے ؟

ج : وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی بر لانے والا

س : سر حمید اللہ خاں والئ بھوپال اور اقبال حالی کے مزار پر گئے۔ اُس وقت اقبال نے نواب صاحب سے خطاب کرتے ہوئے کون سا شعر پڑھا تھا؟

ج : بیا تا فقر و شاہی در حضور او بہم سازیم
تو خاکش گہر افشاں من برگ گل افشانم

س : حامل خلقِ عظیم سے مراد کون عظیم ہستی ہیں؟

ج : حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

س : اس پتھر کا نام بتائیے جو خانۂ کعبہ کی دیوار میں لگا ہوا ہے؟

ج : حجرِ اسود۔

س : اس غار کا نام بتائیے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی بار وحی نازل ہوئی تھی؟

ج : غارِ حرا۔

س : حدی خواں کون ہوتے ہیں اور کہاں پائے جاتے ہیں؟

ج : قافلہ کے آگے گانے والے اور یہ عرب میں ہوتے ہیں۔

س : حسین بن منصور حلاج کے نام سے کیوں مشہور ہوا؟

ج : حسین کا باپ دُھنیا تھا اور عربی میں دُھنیا کو حلاج کہتے ہیں۔ اس لیے یہ حلاج کے نام سے مشہور ہوا۔

س : حضرت امام حسینؓ کن کے صاحبزادے تھے؟

ج : حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے۔

س : ان کے کتنے بیٹے تھے؟

ج : دو۔ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ۔

س : اقبال نے دورِ حاضر کی عورتوں کو مخاطب کرتے ہوئے ایک شعر کہا ہے کہ اگر وہ چاہتی ہیں کہ ان کی گود میں حسین پیدا ہوں تو ان کو کیا کرنا چاہیے۔ فارسی کا وہ شعر سُنا دیجیے۔

ج : بتولے باش و پنہاں شو ازیں عصر
کہ در آغوشِ شبیرے بگیری

س : علامہ اقبال نے حکیم معاش کس یہودی مصنف کو کہا ہے؟

ج : کارل مارکس مصنف "سرمایہ" کو۔

س : حسین بن منصور نے کیا نعرہ لگایا تھا جس کے جرم میں اُسے سزائے موت دی گئی؟

ج : انا الحق۔

س : منصور حلاج نے بغداد کی کس مسجد میں یہ نعرہ لگایا تھا؟

ج : بغداد کی مسجد المنصور میں۔

س : اقبال نے حکیم غزنوی کس شخصیت کو کہا ہے؟

ج : حکیم سنائی کو۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : بتایئے یہ شعر کس کا ہے ؟

افسوس کہ فرعون کو کالج کی نہ سوجھی
یوں قتل سے بچوں کے وہ بدنام نہ ہوتا

ج : لسان العصر اکبر الٰہ آبادی کا۔

س : اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ ہے

تیرے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا

دوسرا مصرعہ ملا کر شعر پورا کیجیے ۔

ج : یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی

س : حکیم المانی سے اقبال کی کیا مراد ہے ؟

ج : جرمن شاعر نیٹشے ۔

س : علامہ اقبال نے یہ شعر کس کو پیش کیا تھا ؟

بگیر ایں ہمہ سرمایہ بہار از من
کہ گل بدست تو از شاخ تازہ تر ماند

ج : نواب سر حمید اللہ خاں والئی بھوپال کو ۔

س : علامہ نے نواب صاحب کی خدمت میں کیا چیز پیش کرتے ہوئے یہ شعر کہا تھا ؟

ج : اپنی کتاب "ضربِ کلیم" پیش کرتے ہوئے ۔

س : اس شعر کا دوسرا مصرعہ کس شاعر کا ہے ؟

ج : طالب آملی کا ۔

س : حنین کا معرکہ کس عظیم فتح کے بعد ہوا ؟

ج : فتح مکہ کے بعد ۔

س : حوالیٔ بطحا سے کیا مراد ہے ؟

ج : مکہ مکرمہ کا قرب و جوار ۔

س : علامہ نے عظمت و احترام آدمیت پر بڑا زور دیا ہے ۔ کوئی ایک شعر اس موضوع پر سنا دیجیے ؟

ج : آدمیت ، احترام آدمی
باخبر شو از مقام آدمی

س : حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی کا نام بتایئے ؟

ج : حضرت حوا ۔

س : خاتم سلیمانی سے کیا مراد ہے ؟

ج : حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ۔

س : خافطین کیا ہے ؟

ج : چاند کے ایک پہاڑ کا فرضی نام ۔

س : اقبال نے خاتونِ عجم کس کو کہا ہے ؟

ج : قرۃ العین طاہرہ کو ۔

س : حضرت خالد بن ولیدؓ جنگِ احد میں کس لشکر کی طرف سے لڑ رہے تھے ؟

ج : کفارِ مکہ کے لشکر کی طرف سے ۔

س : خاقانی قصائد کا بادشاہ کہلاتا ہے۔ اس کا نام کیا تھا ؟

ج : افضل الدین ابراہیم۔

س : مشہور کتاب "تحفۃ العراقین" کس کی لکھی ہوئی ہے ؟

ج : خاقانی کی۔

س : کس خلیفہ راشد نے حضرت خالدؓ بن ولید کو سپہ سالاری سے معزول کر دیا تھا ؟

ج : حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ خلیفہ دوم نے۔

س : خاقان کس ملک کے بادشاہوں کا لقب تھا ؟

ج : چین کے بادشاہوں کا۔

س : ختن کیوں مشہور ہے ؟

ج : وہاں کے ہرنوں کے پیٹ سے مشک نافہ حاصل ہوتا ہے۔

س : اقبال نے خجستہ پا کس بزرگ ہستی کے لیے استعمال کیا ہے ؟

ج : حضرت خضر علیہ السلام کے لیے۔

س : امیر خسروؒ کس بزرگؒ کے مرید تھے ؟

ج : محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیا۔

س : ہمہ آہوانِ صحرا سرِ خود نہادہ بر کف
بامید آنکہ روزے بشکار خواہی آمد

علامہ اقبال نے اس کا دوسرا مصرعہ لیا ہے۔ بتایئے یہ شعر کس کا ہے ؟

ج : حضرت امیر خسرو کا۔

س : علامہ کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ ہے

لے گئے تثلیث کے فرزند میراثِ خلیل

دوسرا مصرعہ آپ بتا دیجیے ؟

ج : خشتِ بنیادِ کلیسا بن گئی خاکِ حجاز

س : "جہاں پیما" سے اقبال کی کیا مراد ہے ؟

ج : حضرت خضر علیہ السلام۔

س : خلیفہ کے معنی بتا دیجیے ؟

ج : نائبِ خدا۔

س : اقبال نے اپنی نظم خضرِ راہ میں قرآنِ حکیم کے تین واقعات کا ذکر کیا ہے۔ اور ان تینوں واقعات کو ایک مصرعہ میں سمو دیا ہے۔ وہ مصرعہ بتا دیجیے ؟

ج : کشتیٔ مسکین، جانِ پاک، دیوارِ یتیم

س : چشمۂ حیواں یا آبِ حیواں کی کیا حقیقت ہے ؟

ج : ایک فرضی روایت ہی ہے۔

س : چاک کر دی ترکِ ناداں نے خلافت کی قبا

علامہ نے یہ شعر کس وقت کہے تھے ؟

ج : جب اتاترک مصطفیٰ کمال پاشا نے خلافت ترکیہ کو ختم کر دیا تھا ؟

qasarulkutub.blogspot.com

س : دِہ خدایاں سے کیا مراد ہے ؟

ج : گاؤں کے نمبردار یا بڑے زمیندار

س : خواب گاہ نبوی سے کیا مراد ہے ؟

ج : روضۃ الرسولؐ جو مدینہ منورہ میں ہے ۔

س : خلیل اللہ کس پیغمبر کا لقب ہے ؟

ج : حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ۔

س : خواجہ اہلِ فراق سے اقبال کی کیا مراد ہے ؟

ج : ابلیس ۔

س : خود فرد آ از شتر مثل عمر ، اس مصرعہ میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے ؟

ج : حضرت عمر رضی اللہ عنہ اونٹ پر سوار تھے کہ ان کا کوڑا گر گیا ۔ انھوں نے خود اتر کر اپنا کوڑا اٹھایا ۔ کسی اور کو اٹھانے کی زحمت نہ دی ۔

س : علامہ نے خودی پر بڑا زور دیا ہے ۔ خودی پر ان کا کوئی شعر سنا دیجیے ؟

ج : خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

س : خوشحال خاں خٹک کس قوم سے تعلق رکھتے تھے ؟

ج : افغانوں کے قبیلہ خٹک سے ۔

س : خوشحال خاں خٹک کا سن پیدائش بتایئے ؟

ج : ۱۶۱۳ء

س : خوشحال خاں خٹک کو کس مغل شہنشاہ نے گوالیار کے قلعہ میں قید کر دیا تھا ؟

ج : اورنگ زیب عالمگیر نے ۔

س : خوشحال خاں خٹک کس زبان کے شاعر تھے ؟

ج : پشتو زبان کے ۔

س : خونِ شہ رنگین تر از معمار نیست
اقبال کے اس مصرعہ سے ذہن کس واقعہ کی طرف جاتا ہے ؟

ج : سلطان مراد اور معمار کے قضیہ کی طرف ، جس میں سلطان معمار کا ہاتھ کاٹ دیتا ہے ۔

س : عمر خیام فارسی زبان کا بلند پایہ شاعر تھا ۔ وہ خیام کے نام سے کیوں مشہور ہوا ؟

ج : اس لیے کہ اس کا باپ خیمہ دوز تھا ۔

س : رباعیات عمر خیام کا ترجمہ انگریزی زبان میں کس نے کیا ؟

ج : فٹز جیرالڈ نے ۔

س : غزوہ خیبر کس سن ہجری میں پیش آیا ؟

ج : ۶ ھجری میں

س : خیبر یہودیوں کا بہت بڑا گڑھ بن گیا تھا ۔ اس قلعہ کو کس نے فتح کیا ؟

ج : حضرت علی کرم اللہ وجہ نے ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : خیبر شکن سے کون بزرگ ہستی مراد ہے ؟

ج : حضرت علی کرم اللہ وجہہ

س : حضرت علی ہجویری کے متعلق علامہ نے جو اشعار لکھے ہیں اس نظم کا پہلا شعر سنا دیجیے ؟

ج : سیدِ ہجویر مخدومِ اُمم
مرقدِ او پیرِ سنجر را حرم

س : پیرِ سنجر سے کیا مراد ہے ؟

ج : خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ ۔

س : اقبال کے استاد داغ دہلوی نے کس سن میں وفات پائی ؟

ج : ۱۹۰۵ء میں ۔

س : جامِ جمشید سے کیا مراد ہے ؟

ج : ایران کے شہنشاہ جمشید کا وہ پیالہ جو ان کے خیال کے مطابق مستقبل کے حالات بتاتا تھا ۔

س : داغ دہلوی کس نواب کے استاد تھے ؟

ج : میر محبوب علی خاں نظام دکن کے ۔

س : اقبال نے داغ دہلوی کی وفات پر ایک نظم لکھی تھی اس میں سے وہ شعر سنائیے جس میں داغ کا نام آیا ہے ؟

ج : وہ گلِ رنگیں ترا ، رخصت مثالِ بُو ہوا
آہ خالی داغ سے ، کاشانۂ اردو ہوا

س : کاوہ لوہار نے ، ایران کے شہنشاہ فریدوں کے لیے چمڑے کا ایک جھنڈا بنایا تھا ۔ اس کا نام بتائیے ؟

ج : درفش کاویانی ۔

س : دُخمہ کسے کہتے ہیں ؟

ج : پارسیوں کا وہ مرگھٹ جہاں وہ اپنے مُردوں کو پھینک آتے ہیں ۔

س : حضرت داؤد علیہ اسلام کس پیغمبر کے والد تھے ؟

ج : حضرت سلیمان علیہ اسلام کے ۔

س : حضرت داؤد علیہ اسلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی تھی ؟

ج : زبور ۔

س : بغداد کا شہر کس مشہور دریا پہ آباد ہے ؟

ج : دریائے دجلہ پہ ۔

س : دانتے کی مشہور کتاب کا نام بتائیے ؟

ج : ڈیوائن کامیڈی ۔

س : دانتے نے اپنی نظم کا تصور کہاں سے لیا ؟

ج : ابن العربی کی کتاب " فتوحاتِ مکیہ " سے ۔

س : ابن العربی ، دانتے اور اقبال نے افلاک کی سیر کا تصور کہاں سے لیا ؟

ج : حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واقعۂ معراج شریف سے ۔

س : اقبال نے دانائے طوس کس کو کہا ہے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : شاہنامہ کے مصنف فردوسی کو۔

س : جاوید نامہ کتنے سالوں میں مکمل ہوا؟

ج : تین سال میں۔

س : جس سن میں علامہ کی وفات ہوئی اسی سن میں آپ کی ایک کتاب چھپی تھی۔ کتاب کا نام بتائیے؟

ج : ارمغانِ حجاز۔

س : ایک شعر کا دوسرا مصرعہ ہے؟

تیرا علاج نظر کے سوا کچھ اور نہیں

پہلا مصرعہ آپ بتا دیجیے؟

ج : خرد کے پاس، خبر کے سوا کچھ اور نہیں

س : بچوں کی ایک نظم کا ایک شعر ہے

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا
بلبل تھا کوئی اداس بیٹھا

اس نظم کا عنوان بتائیے؟

ج : ہمدردی۔

س : بانگِ درا کی پہلی نظم کا عنوان بتائیے؟

ج : ہمالہ۔

س : دہلی کی مسجد "قوت الاسلام" پر علامہ نے جو نظم لکھی وہ آپ کے کس مجموعۂ کلام میں ہے؟

ج : ضربِ کلیم میں۔

س : علامہ اقبال کی نظم "شمع اور شاعر" انجمن حمایت اسلام لاہور کے کس اجلاس میں پڑھی گئی تھی؟

ج : ۱۹۱۲ء کے سالانہ اجلاس میں۔

س : اقبال کا پہلا مصرعہ ہے

پریشاں ہو کے میری خاک آخر دل نہ بن جائے

دوسرا مصرعہ آپ پڑھ دیجیے؟

ج : جو مشکل اب ہے یارب پھر وہی مشکل نہ بن جائے

س : بتائیے "دانائے تبریز" علامہ نے کس کو کہا ہے؟

ج : محمود شبستری

س : محمود شبستری کا ذکر علامہ کی کس کتاب میں ہے؟

ج : جاوید نامہ میں

س : علامہ اقبال کے منشی کون تھے؟

ج : منشی طاہر الدین۔

س : موسولینی پر علامہ نے کتنی نظمیں لکھی ہیں؟

ج : دو۔

س : وہ کلامِ اقبال کی حفاظت، خزانے پر بیٹھے ہوئے اژدھا کی طرح کرتے ہیں۔ یہ بتائیے یہ الفاظ کس نے کس کے متعلق کہے تھے؟

ج : یہ الفاظ شورش کاشمیری نے چودھری محمد حسین کے متعلق کہے تھے۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : خریدیں نہ ہم جس کو اپنے لہو سے
مسلماں کو ہے ننگ وہ بادشاہی
بتائیے یہ اشعار علامہ نے کس موقع پر کہے تھے ؟

ج : جب سر آغا خاں اور مولانا محمد علی جوہر خلافت کے قیام کے سلسلے میں لندن گئے تھے ۔

س : دستِ سفید کا اشارہ کس طرف ہے ؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزہ "یدِ بیضا" کی طرف ۔

س : اقبال نے دستِ دولت آفریں کس کو کہا ہے ؟

ج : مزدور کو ۔

س : ایک مصرعہ ہے
مجھے یہ ڈر ہے، دلِ زندہ تو نہ مر جائے
دوسرا مصرعہ آپ سُنا دیجیے ؟

ج : کہ زندگانی عبارت ہے تیرے جینے سے

س : اقبال کے ایک شعر کا دوسرا مصرعہ یوں ہے :
کہ یہی ہے اُمتوں کے مرضِ کہن کا چارہ
پہلا مصرعہ بتائیے ؟

ج : دل، مردہ دل نہیں اسے زندہ کر دوبارہ

س : ظاہر کی آنکھ سے نہ دیکھا کرے کوئی
دوسرا مصرعہ بتا کر شعر کو پورا کیجیے ؟

ج : ہو دیکھنا تو دیدۂ دل وا کرے کوئی

س : ایں عجوزہ عروس ہزار داماد است
اقبال کا یہ مصرعہ کس مشہور شہر کے متعلق ہے ؟

ج : بھارت کے دارالحکومت دہلی کے متعلق ۔

س : دمِ عیسیٰ سے کیا مراد ہے ؟

ج : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پھونک جو اللہ کے حکم سے مریضوں کو تندرست کر دیتی تھی ۔

س : باطل دوئی پسند، حق لا شریک ہے
اقبال کے اس پہلے مصرعے کا دوسرا مصرعہ آپ بتائیے ؟

ج : شرکت، میانۂ حق و باطل نہ کر قبول

س : دوئی اور ثنویت میں کیا فرق ہے ؟

ج : کوئی فرق نہیں ۔

س : علامہ کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ یوں ہے
جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی
دوسرا مصرعہ آپ بتائیں ؟

ج : اُس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

س : اقبال نے دولتِ غرناطہ کس کو کہا ہے ؟

ج : سپین کی اسلامی حکومت کو ۔

س : علامہ نے کس کو خط لکھا جس میں تحریر کیا گیا تھا کہ دوزخ سرد ہے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : عطیہ فیضی کو ۔

س : دیارِ پیرِ سنجر سے اقبال کی کیا مُراد ہے ؟

ج : اجمیر شریف ہے جہاں خواجہ معین الدین چشتیؒ کا مزار ہے ۔

س : دِیت ، کے کیا معنی ہیں ؟

ج : خون بہا ادا کرنا ۔

س : دین و مذہب میں کیا فرق ہے ؟

ج : دین میں دُنیوی اور دینی معاملات آجاتے ہیں جب کہ مذہب صرف عبادات تک محدود ہے ۔

س : ڈینیوب کیا ہے ؟

ج : یورپ کے ایک بڑے دریا کا نام ہے اسے ڈینیوب کہا جاتا ہے ۔

س : محدث دیلمی کی کتاب کا نام بتائیے ؟

ج : فردوس ۔

س : اقبال نے دیوِ بے زنجیر کس کو کہا ہے ؟

ج : یورپ کی تہذیب کو ۔

س : اقبال کا وہ شعر سنائیے جس میں "دیو استبداد" کا نام آیا ہے ؟

ج : دیو استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے کہ آزادی کی ہے نیلم پری

س : اقبال کے وہ کون سے دوست تھے جن کی موٹر پر علامہ نے

اشعار کہے تھے ؟

ج : نواب سر ذوالفقار علی خاں ۔

س : نواب ذوالفقار علی خاں نے علامہ کی شاعری پر اپنی کتاب کس زبان میں لکھی تھی ؟

ج : انگریزی زبان میں ۔

س : اقبال نے ذوالخرطوم کس کو کہا ہے ؟

ج : لارڈ کچنر کو ۔

س : علامہ نے ایک شعر حضرت امام حسینؓ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے متعلق کہا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے جس قربانی کی ابتدا کی تھی ، حسینؓ اس قربانی کی انتہا ہیں ۔ وہ شعر سُنا دیجیے ؟

ج : وہ شعر یہ ہے :

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسین ، ابتدا ہے اسماعیل

س : انگریز شاعر ڈومر کس کا مقلد تھا ؟

ج : حافظ شیرازی کا ۔

س : کن کے پوتے سے علامہ اقبال کے دوستانہ مراسم تھے ۔ پوتے کا نام بھی بتائیے ؟

ج : سر سید احمد خاں کے پوتے سے ۔ ان کا نام سر راس مسعود تھا ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : سر راس مسعود کے والد کا نام بتائیے ؟

ج : جسٹس محمود۔

س : علامہ نے ملت کا شاہباز کس کو کہا ہے ؟

ج : اُلّو کو۔

س : علامہ نے سر راس مسعود کی وفات پر جو نظم لکھی وہ ان کے کس مجموعۂ کلام میں ہے ؟

ج : ارمغان حجاز میں۔

س : اس نظم کے ایک شعر میں راس مسعود کے باپ اور دادا کا نام ہے وہ شعر سنائیے ؟

ج : رہی نہ آہ زمانے کے ہاتھ سے باقی
وہ یادگار، کمالاتِ احمد و محمود

س : علامہ رازی کا نام بتائیے ؟

ج : ابوبکر محمد ابن زکریا رازی۔

س : رازی کا سن وفات معلوم ہو تو بتائیے ؟

ج : ۹۲۵ء۔

س : گوجرانوالہ کے ایک ہندو، ریاضی میں ایم اے، فلسفہ ویدانت کے شوقین، ۱۹۰۶ء میں دریا گنگا میں ڈوب کر مر گئے۔ علامہ نے ان پر شعر بھی کہے ہیں۔ ان کا نام کیا تھا ؟

ج : سوامی رام تیرتھ۔

س : اقبال نے ربطِ ملت پر بڑا زور دیا ہے۔ اور اس کی مثال موجِ دریا سے دی ہے کہ جب وہ دریا سے باہر نکل جاتی ہے تو اس کی ہستی مٹ جاتی ہے۔ اس مفہوم کا اقبال کا ایک شعر سنا دیجیے ؟

ج : فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں، بیرونِ دریا کچھ نہیں

س : رستم کے متعلق تم کیا جانتے ہو ؟

ج : شاہنامہ فردوسی کا ہیرو۔

س : یہ بتائیے رستم کے بیٹے کا کیا نام تھا ؟

ج : سہراب۔

س : ایک مصرعہ میں پڑھتا ہوں دوسرا آپ پڑھیے ؟
وہ دانائے سبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے

ج : غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا

س : جاوید نامہ میں ایک شخصیت کا نام زندہ رود آتا ہے۔ بتائیے اس سے کون سی شخصیت مراد ہے ؟

ج : خود علامہ اقبال۔

س : آہنگ میں یکتا صفتِ سورۂ رحمٰن
بتائیے یہ مصرعہ اقبال کی کس کتاب کا ہے ؟

ج : ضربِ کلیم کا۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : کون دریا کے تھپیڑے کھا رہا ہے مَیں کہ تُو
بتلایئے اس مَیں اور تُو سے کون مُراد ہیں ؟

ج : مَیں سے ابلیس اور تُو سے حضرت جبریلؑ۔

س : پلٹنا، جھپٹنا، جھپٹ کر پلٹنا
یہ کس کی خوبیاں ہیں ؟

ج : شاہین و شاہباز کی ۔

س : اقبال کا ایک شعر ہے ؎

رشی کے فاقوں سے ٹوٹا نہ برہمن کا طلسم
عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کارِ بے بنیاد

یہاں رشی سے مراد کون سی شخصیت ہے ؟

ج : مہاتما گاندھی، جنھوں نے اچھوتوں کو انسانی درجہ دینے کے لیے برت رکھے لیکن وہ برہمنوں کو راضی نہ کر سکے ۔

س : رضا شاہ پہلوی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟

ج : ایران کا بادشاہ بنا ۔ مگر پھر روس اور برطانیہ نے ایران پر حملہ کر کے اُسے جلاوطن کر دیا ۔

س : رضا شاہ پہلوی کی تاریخِ وفات بتلایئے ؟

ج : ۱۶ر جولائی ۱۹۴۴ء ۔

س : ہندوستان میں کس مسلمان سلطانہ نے حکومت کی ؟

ج : رضیہ سلطانہ ۔

س : وہ کون سا شاعر تھا جس کے ایک شعر پر دارا شکوہ نے ایک لاکھ روپیہ دیا تھا ؟

ج : رضی دانش میر ۔

س : "بانگِ درا" میں ایک نظم ہے جس کی بنیاد رضی دانش کے ایک شعر پر رکھی گئی ۔ اس نظم کا عنوان بتا دیجیے ؟

ج : اس نظم کا عنوان ہے "کفر و اسلام" ۔

س : ورفعنا لك ذكرك - آیتِ قرآنی ہے ۔ بتایئے یہ قرآن کی کس سورت میں ہے ؟

ج : سورہ الم نشرح میں ۔

س : "روحِ مزدک کا بروز" اقبال نے کس کو کہا ہے ؟

ج : کارل مارکس کو ۔

س : رُوح الامین اور رُوح القدس کس کو کہا گیا ہے ؟

ج : حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ۔

س : مولانا روم نے کب وفات پائی اور کہاں دفن ہوئے ؟

ج : ۱۲۷۵ء میں فوت ہوئے اور ترکی کے شہر قونیہ میں دفن ہوئے ۔

س : مولانا روم کی زندگی کو کس بزرگ نے بدل دیا ؟

ج : حضرت شمس تبریزؒ نے ۔

س : زادۂ اسلام کن کو کہا جاتا ہے ؟

ج : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : جب کوئی ان کا نام پوچھتا تو آپ کیا جواب دیتے تھے ؟

ج : میں سلمان بن اسلام ہوں ۔

س : روسی شہنشاہیت کب ختم ہوئی ؟

ج : ۱۹۱۷ء ۔

س : اقبال کے ایک شعر کا مشہور مصرعہ ہے

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے

دُوسرا مصرعہ آپ پڑھ دیجیے ؟

ج : نیل کے ساحل سے لے کر تابخاکِ کاشغر

س : جاوید نامہ میں اقبال کی ملاقات زرتشت سے ہوتی ہے ۔ زرتشت کون تھا؟

ج : مجوسی مذہب کے بانی ۔

س : زکوٰۃ کے متعلق علامہ کا ایک شعر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ زکوٰۃ دولت کی محبت کو ختم کر دیتی ہے اور انسانی مساوات سے آگاہ کرتی ہے ۔ وہ شعر سُنا دیجیے ؟

ج : حبِ دولت را فنا سازد زکوٰۃ

ہم مساوات آشنا سازد زکوٰۃ

س : علامہ اقبال کی کتاب میں زلیخا کا ذکر کتنی بار آیا ہے ؟

ج : دو دفعہ ۔

س : زمزم کسے کہتے ہیں ؟

ج : زمزم اُس چشمہ کو کہتے ہیں جو حضرت اسماعیل علیہ اسلام کے ایڑیاں رگڑنے سے پیدا ہو گیا تھا ۔

س : زمزم کے معنی بتائیے ؟

ج : ٹھہر ٹھہر ۔

س : اقبال کا کوئی شعر سُنائیے جس میں زمزم کا لفظ آیا ہو ؟

ج : سُنیئے ؂

زائران کعبہ سے اقبال یہ پوچھے کوئی

کیا حرم کا تحفہ زمزم کے سوا کچھ بھی نہیں

س : اس شعر کے معنی سمجھا دیجیے ؟

مسلماں ہے توحید میں گرم جوش

مگر دل ابھی تک ہے زنّار پوش

ج : زنّار پوش ہندو ہوتے ہیں ۔ اقبال کہتے ہیں کہ دیسے تو مسلمان بڑا گرم جوش ہے لیکن ابھی تک اس کے دل میں بُت موجود ہیں ۔

س : علامہ نے زور دروں کی مثال دیتے ہوئے ایک مصرعہ میں فوارے کا ذکر کیا ہے ۔ وہ مصرعہ سُنا دیجیے ؟

ج : بلند زور دروں سے ہوا ہے فوارہ

س : ژدپون کون سا ملک ہے ؟

ج : جاپان ۔

س : پارسیوں کی مذہبی کتاب کا نام بتائیے ؟

qasatulkutub.blogspot.com

ج : [illegible]

س : ساحل الموت، اقبال نے کس شخصیت کے متعلق کہا ہے ؟

ج : حسن بن صباح کو جس نے دنیا میں جنّت بنائی تھی۔

س : یہ بتایئے کہ حسن بن صباح کے پیرو کار کس نام سے پکارے جاتے تھے ؟

ج : فدائین کے نام سے۔

س : کیمبرج یونیورسٹی میں ایک پروفیسر سارلی تھے۔ بتایئے اقبال اور سارلی میں باہمی کیا تعلقات تھے ؟

ج : اُستاد اور شاگرد کے۔

س : سامری کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟

ج : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ایک یہودی جادوگر تھا۔

س : جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہِ طور پہ گئے تو سامری نے اپنے جادو کے زور سے کیا چیز بنائی تھی ؟

ج : سونے کا ایک بچھڑا جو آواز نکالتا تھا۔

س : سالمہ کسے کہتے ہیں ؟

ج : دو یا دو سے زائد جوہروں کا مرکب۔

س : سپنوزا کس ملک کا رہنے والا تھا؟ اقبال نے اپنے کلام میں اس کا ذکر کیا ہے۔

ج : یہ ایک ولندیزی فلاسفر تھا۔

س : سام، کس کا بیٹا تھا ؟

ج : حضرت نوح علیہ السلام کا۔

س : رستم کے دادا کا کیا نام تھا۔

ج : سام۔

س : سرسیّد احمد خاں کا سال ولادت بتایئے ؟

ج : ۱۸۱۷ء میں پیدا ہوئے۔

س : سرسیّد احمد خاں کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے ؟

ج : برصغیر کے مسلمانوں کو حصولِ تعلیم کی طرف متوجہ کرنا اور مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کا قیام۔

س : سردار طے سے کیا مراد ہے ؟

ج : مشہور سخی حاتم طائی۔

س : اس فرشتے کا نام بتایئے جس کے صور پھونکنے سے دُنیا فنا ہو جائے گی ؟

ج : حضرت اسرافیلؑ۔

س : یہ بتایئے سرسیّد احمد خاں کون سا اُردو رسالہ نکالا کرتے تھے ؟

ج : تہذیب الاخلاق۔

س : سربن کیا ہے ؟

ج : کوہ ہمالیہ کا وہ سلسلہ جو ایبٹ آباد تک پھیلا ہوا ہے۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ یہ ہے

آتا کہاں سے نالۂ نَے میں سرودِ مے

دوسرا مصرعہ آپ بتا دیجیے ؟

ج : اصل اس کی نے نواز کا دل ہے یا چوبِ نَے

س : اقبال کے ایک مشہور شعر کا دوسرا مصرعہ یوں ہے

معجزۂ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود

اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے ؟

ج : رنگ ہو یا خشت و سنگ چنگ ہو یا حرف و صوت

س : جنوبی ہندوستان میں ایک شہر سرنگا پٹم ہے اقبال اس کی عظمت کے معترف ہیں کیوں ؟

ج : اس لیے کہ وہاں سلطان ٹیپو کا مزار ہے جنھوں نے ملک کی آزادی کے لیے اپنے آپ کو قربان کر دیا ۔

س : بحیرہ روم میں ایک جزیرہ سسلی کے نام سے مشہور ہے ۔ مسلمان اس جزیرہ کو کس نام سے پکارتے تھے ؟

ج : صقلیہ کے نام سے ۔

س : مسلمانوں نے سسلی (صقلیہ) پر کتنی مدّت تک حکومت کی ۔

ج : دو سو سال ۔

س : سقائی کے معنی بتائیے ؟

ج : پانی پلانے کا کام ۔

س : اقبال کا ایک شعر ہے

رو لے اب دل کھول کر اے دیدۂ خونابہ بار

وہ نظر آتا ہے تہذیبِ حجازی کا مزار

اقبال نے تہذیبِ حجازی کا مزار کس کو کہا ہے ؟

ج : جزیرہ صقلیہ (سسلی) کو ۔

س : فارسی کے ایک مشہور شاعر اور ادیب ، جنھیں معلم اخلاق کہا جاتا ہے ۔ وہ کس نام سے عام طور پر مشہور ہیں ؟

ج : سعدی علیہ الرحمۃ ۔

س : سعدی کی دو مشہور کتابیں کون کون سی ہیں ؟

ج : گلستان اور بوستاں ۔

س : سعید حلیم پاشا کے والد کا نام بتائیے ؟

ج : ابراہیم حلیم پاشا ۔

س : سعید حلیم پاشا کا زندگی بھر نصب العین کیا رہا ؟

ج : اتحاد بین المسلمین ۔

س : سعید حلیم پاشا کب فوت ہوئے ؟

ج : ۱۹۲۱ء میں ۔

س : علّامہ نے سعید حلیم پاشا کا ذکر اپنی کس کتاب میں کیا ہے ؟

ج : جاوید نامہ میں ۔

س : افلاطون ایک مشہور یونانی فلاسفر ہوا ہے وہ کس کا شاگرد تھا ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : سقراط کا۔

س : سکندرِ اعظم کے اُستاد کا نام بتائیے ؟

ج : ارسطو۔

س : سقراط کی موت کیسے ہوئی ؟

ج : زہر پینے سے۔

س : افلاطون کی مشہور کتاب کا نام بتائیے ؟

ج : مکالمات فلاطون۔

س : علامہ نے اپنے اُردو کلام میں سکندر کا موازنہ ایک مسلمان بزرگ ہستی سے کیا ہے۔ اقبال کہتا ہے کہ سکندر تو مر گیا مگر اس ہستی کو اب تک یاد کیا جاتا ہے۔ اس بزرگ ہستی کا نام بتائیے ؟

ج : یہ ہیں حضرت سیدنا بلال حبشی رضی اللہ عنہ۔

س : یہ بتائیے سکندرِ اعظم کی موت کہاں واقع ہوئی تھی ؟

ج : بابل میں۔

س : عمر خیام، ناصر خسرو، خاقانی، انوری، نظامی گنجوی، ظہیر فاریابی، بابا طاہر، ابوالخیر، شیخ فریدالدین عطار، ایسے علماء و فضلاء مسلمانوں کے کس دورِ حکومت میں ہوئے ہیں ؟

ج : سلجوقیوں کے زمانے میں۔

س : سلطان بدر سے اقبال کی کیا مُراد ہے ؟

ج : حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی۔

س : سلجوقیوں کے اقتدار کو کس نے ختم کیا ؟

ج : چنگیز خاں نے۔

س : سُلطان مراد کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟

ج : وہ ایک بہادر ترک بادشاہ تھا۔

س : غزنوی دور میں ایک مشہور شاعر سلمان ہو چکا جو لاہور میں مدفون ہے۔ اس کا اصل نام کیا تھا ؟

ج : مسعود سعد۔

س : حضرت سلمان فارسیؓ کہاں کے رہنے والے تھے اور ان کا خاندانی مذہب کیا تھا ؟

ج : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ایران کے رہنے والے تھے اور مجوسی مذہب سے تعلق رکھتے تھے۔

س : کفارِ مکہ ایک بار جب حملہ آور ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے کے تین طرف خندق کھود دی تھی۔ بتائیے یہ خندق کس صحابی کے مشورے سے کھودی گئی تھی ؟

ج : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے مشورے سے۔

س : جنگِ خندق کا دوسرا نام کیا تھا ؟

ج : غزوۂ احزاب۔

س : فارسی کے مشہور شاعر حکیم سنائی، کس مسلمان دربار سے وابستہ رہے ؟

ج : محمود غزنوی کے دربار سے۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : اقبال کس سن میں حکیم سنائی کے مزار پر تشریف لے گئے تھے ؟

ج : ۱۹۳۳ء میں

س : حکیم سنائی کی پہلی مثنوی کا نام بتائیے ؟

ج : حدیقہ

س : اقبال نے حضرت سلیمان علیہ السلام اور چیونٹیوں کا اپنے کلام میں ذکر کیا ہے کہ حضرت سلیمانؑ کی فوج کو دیکھ کر چیونٹیوں کی سردار نے کہا کہ اپنے بلوں میں گھس جاؤ ایسا نہ ہو سلیمانؑ کا لشکر تمھیں روند ڈالے۔ اقبال اس واقعہ سے قوم کو کیا سبق دینا چاہتے ہیں ؟

ج : خودی کا۔ ان کا شعر ہے ؎

گرچہ باشی مور و ہم بے بال و پر
حاجتے پیش سلیمانے مبر

س : ایک ایسا کیڑا ہے جو آگ میں زندہ رہتا ہے۔ اس کا نام بتا دیجیے ؟

ج : سمندر۔

س : محبوب الٰہی کن بزرگ شخصیت کا لقب ہے ؟

ج : حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کا۔

س : علامہ نے ولایت جاتے ہوئے خواجہ صاحب کے مزار پر ایک نظم کہی تھی۔ اس کا عنوان بتا دیجیے ؟

ج : التجائے مسافر۔

س : سنجر ایک شہر بھی ہے اور ایک بادشاہ کا نام بھی۔ جس کا ذکر کلامِ اقبال میں آتا ہے۔ بتائیے سنجر کس خاندان سے تعلق رکھتا تھا ؟

ج : سلاجقہ کے خاندان سے۔

س : مصر میں سنوسی تحریک کے بانی کا نام بتائیے ؟

ج : سیّد محمد بن علی۔

س : سپیدن پر سے کیا مُراد ہے ؟

ج : پرندوں کا پر جھاڑنا۔ اس کے بعد اُن کے نئے پر نکل آتے ہیں۔

س : سنوسی کو عام طور پر کس نام سے یاد کیا جاتا ہے ؟

ج : مہدی سوڈانی کے نام سے۔

س : اقبال کا ایک شعر ہے ؎

آسماں، خاکِ ترا گورے نداد
مرقدے جُز دریمِ شورے نداد

اقبال نے یہ شعر کس کے متعلق کہا ہے اور کیا واقعہ پیش آیا ؟

ج : یہ شعر لارڈ کچنر کے متعلق ہے جو سمندر میں ڈوب کر مر گیا اور تلاش کے باوجود اس کی لاش نہ ملی۔

س : شیر شاہ سوری نے کس مغل شہنشاہ کو شکست دے کر ملک بدر ہونے پر مجبور کر دیا تھا ؟

ج : بابر کے بیٹے نصیر الدین ہمایوں کو۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : شیر شاہ سوری کا مختصر دورِ حکومت تھا تاہم اس نے سب سے بڑا کارنامہ کیا انجام دیا ؟

ج : برصغیر میں جرنیلی سڑک کا بنانا ۔

س : سومنات کیا ہے اور کہاں واقع ہے ؟

ج : ہندوؤں کا ایک بُت خانہ ہے اور انڈیا کے صوبہ گجرات میں ہے ۔

س : یہ بتائیے سومنات کو کس مسلمان بادشاہ نے فتح کیا تھا ؟

ج : سُلطان محمود غزنوی نے ۔

س : سیالکوٹ کیوں مشہور ہے ؟

ج : ایک تو اس لیے کہ علامہ اقبال اس شہر میں پیدا ہوئے ۔ دُوسرے یہ ایک صنعتی شہر ہے ۔

س : علامہ لادین سیاست کے بدترین مخالف تھے ۔ کوئی ایک مصرعہ سُنا دیجیے جو ان کے منشا کو ظاہر کرتا ہو ؟

ج : جُدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

س : سی پارہ کے لفظی معنی کیا ہیں ؟

ج : تیس ٹکڑے یا حصّے ۔

س : سینا سے کیا مُراد ہے ؟

ج : کوہِ طور ۔

س : شاد ۔ حیدرآباد دکن کے ایک صدر اعظم کا تخلص تھا کیوں کہ وہ

شاعر تھے ۔ ان کا نام کیا تھا ؟

ج : مہاراجہ سرکشن پرشاد ۔

س : شاعر افغان شناس سے اقبال کی مُراد کس شاعر سے ہے ؟

ج : پشتو کے مشہور شاعر خوشحال خاں خٹک سے ۔

س : اقبال کے ایک شعر کا مصرعہ ہے

شاعری ہم وارثِ پیغمبری

اس کا پہلا مصرعہ آپ بتا دیجیے ؟

ج : شعر را مقصود اگر آدم گری است

س : علامہ نے لاہور کے شالامار پر جو نظم لکھی اس کا پہلا مصرعہ ہے

یہ شالامار میں اک برگِ زرد کہتا تھا

اس کا دُوسرا مصرعہ آپ بتائیے ؟

ج : دوسرا مصرعہ ہے

گیا وہ موسمِ گل جس کی یادگار ہوں میں

س : امام شافعی کا نام کیا تھا ؟

ج : محمّد ۔

س : امام شافعیؒ کس عباسی حکمران کے دور میں ہوئے ؟

ج : ہارون الرشید کے زمانے میں ۔

س : علامہ اقبال برطانیہ کے بادشاہ کو مٹی کا ایک بُت کہتے ہیں ۔ کیوں ؟

ج : اس لیے پارلیمنٹ اکثریت سے جو فیصلہ کر دے بادشاہ یا ملکہ اس پر

qasarulkutub.blogspot.com

دستخط کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

س: برطانیہ کے اس بادشاہ کا نام بتائیے جس نے ایک امریکن عورت کے لیے تاج و تخت کو چھوڑا۔ امریکن عورت کا نام بھی بتائیے؟

ج: ایڈورڈ ہشتم اور امریکن خاتون کا نام تھا مسز سمپسن۔

س: شاہ ولی اللہ کی مشہور کتاب کا نام کیا ہے؟

ج: حجتہ اللہ البالغہ

س: شاہ ولی اللہ کا اہم سیاسی کارنامہ کیا ہے؟

ج: آپ نے ہندوستان سے مرہٹہ گردی کو ختم کرنے کے لیے احمد شاہ ابدالی کو ہندوستان پر حملہ کرنے کی دعوت دی تھی۔

س: حضرت شاہ ولی اللہ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

ج: شاہ عبدالرحیم

س: اقبال دعا کرتے ہیں:

جوانوں کو مری آہ سحر دے

اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج: پھر ان شاہیں بچوں کو بال و پر دے

س: انسان پر صحبت کا اثر ہوتا ہے۔ اقبال کہتے ہیں کہ کوّے کی صحبت نے شاہین بچے کو بھی خراب کر دیا ہے۔ اس مفہوم کا مصرعہ بھی سنائیے اور یہ بھی بتائیے کہ علامہ اقبال کا اشارہ کس طرف ہے؟

ج: مصرعہ تو یہ ہے

خراب کر گئی شاہیں بچے کو صحبتِ زاغ

اقبال کا اشارہ مغربی تعلیم کی طرف ہے۔

س: شاہین کا **فوری** کس رنگ کا ہوتا ہے؟

ج: سفید رنگ کا شاہین۔

س: شاہ علی ہمدان، ہمدان سے کشمیر میں آ گئے تھے۔ ان کی مشہور کتاب کا نام بتائیے؟

ج: کتاب کا نام ہے "ملوک"۔

س: اقبال کے ایک شعر کا دوسرا مصرعہ ہے

کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے؟

ج: پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں

س: شبانی روز و شب کے معنی ہیں دن رات بکریاں چرانا۔ کس کی طرف اشارہ ہے؟

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف جنھوں نے حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چرائی تھیں۔

س: الفاروق، المامون، الغزالی، النعمان، اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر، سیرت النبیؐ، شعر العجم کس کی لکھی ہوئی کتابیں ہیں؟

ج: مولانا شبلی نعمانی کی۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : اقبال نے حالی کی وفات پر نوحہ کرتے ہوئے ایک ہی شعر میں علامہ شبلی کا ذکر بھی کیا ہے۔ وہ شعر کیا ہے ؟

ج : شبلی کو رو رہے تھے ابھی اہلِ گلستاں
حالی بھی ہو گیا سوئے فردوس رہ نورد

س : علامہ نے ایک خاتون کا ذکر بڑی عقیدت سے کیا ہے جو پنجاب کے گورنر عبدالصمد خاں کی بیٹی تھی۔ اس کا نام کیا تھا ؟

ج : اس خاتون کا نام تھا، شرف النسا۔

س : شرف النسا کن دو چیزوں سے محبت کرتی تھیں جو مرنے کے بعد بھی ان کے ساتھ رہیں۔

ج : قرآن مجید اور تلوار۔

س : الستُ بربکم کے معنی بتا دیجیے ؟

ج : کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں۔

س : شبیر و یزید کے نام آتے ہی آپ کے ذہن میں کیا تصورات اُبھرنے لگتے ہیں۔

ج : حسین رضی اللہ عنہ اور یزید کی فوجوں کے مابین معرکہ کربلا۔

س : اقبال نے کہا ہے کہ یزید کی فوجیں ریت کے ذرّوں کی طرح اَن گنت تھی۔ اِن کے مقابلے میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں کی تعداد "یزداں" کے عدد کے برابر تھی۔ اقبال نے ایسا کیوں کہا ہے ؟

ج : حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے بہتّر ساتھی تھے۔ یزداں کے عدد بھی "بہتّر" بنتے ہیں۔ ی = ۱۰ - ز = ۷ - د = ۴ - الف = ۱ -
ن = ۵۰ = ۷۲ -

س : موسیٰؑ و فرعون۔ حسینؓ و یزید یہ علامتیں ہیں کس کی ؟

ج : نیکی اور بدی کی۔

س : شعر کے متعلق علامہ کے تصورات کیا ہیں ؟

ج : اقبال کے نزدیک ایک شعر
یا نغمہ جبریل ہے یا بانگِ سرافیل

س : شرف النسا پر شعر لکھتے ہوئے اقبال کہتے ہیں
خالصہ شمشیر و قرآن را ببرد
دوسرا مصرعہ آپ بتا دیجیے ؟

ج : اندراں کشور، مسلمانی بمرد

س : شعلۂ سینائی سے اقبال کی کیا مراد ہے ؟

ج : اللہ تعالیٰ کی وہ تجلی جس نے کوہِ طور کو جلا کر راکھ کر دیا تھا۔

س : قرآن مجید کی کن سورتوں میں حضرت شعیب علیہ السلام کا ذکر آیا ہے ؟

ج : سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں۔

س : شکسپیئر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟

ج : وہ انگریزی زبان کا مشہور شاعر اور ڈراما نویس تھا۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : بتائیے کہ شکسپیئر پر علامہ کی نظم ، ان کے کس مجموعۂ کلام میں ہے ؟

ج : بانگِ درا میں ۔

س : یورپ کا وہ کون سا شاعر ہے جس نے شفیع مرزا کے نام سے شاعری کی ؟

ج : بوڈن سٹاٹ ۔

س : بوڈن سٹاٹ کا تعلق کس مغربی ملک سے تھا ؟

ج : جرمنی سے ۔

س : "شمع بارگاہِ خاندان مصطفوی" سے علامہ کی مراد کس بزرگ ہستی سے ہے ؟

ج : اپنے اُستاد حضرت مولانا میر حسن صاحب سے ۔

س : ہندوستان سے بدھ مت کو مٹانے کے لیے برہمنوں نے بدھ کے بُت بنا کر ان کی پوجا شروع کر دی ۔ بتائیے سب سے پہلے اس کی ابتدا کس نے کی ؟

ج : نویں صدی عیسوی میں شنکر اچاریہ نے ۔

س : آرتھر شوپنہار کس ملک کا فلاسفر تھا ؟

ج : جرمنی کا ۔

س : عیسائیت میں "اصلاحِ دین" کا بانی کون تھا ؟

ج : جرمن مفکر مارٹن لوتھر ۔

س : کشمیر میں ایک بہادر اور منصف مزاج مسلمان حکمران ہوا ہے جس

نے تبت ، لداخ اور بلتستان ہی کو فتح نہیں کیا بلکہ اس نے پنجاب اور پشاور تک فتوحات حاصل کیں ۔ اس بادشاہ کا نام بتا دیجیے ؟

ج : سلطان شہاب الدین ۔

س : شیخ شہاب الدین سہروردی کی مشہور کتاب کا نام بتا دیجیے ؟

ج : حکمت الاشراق ۔

س : اس اُردو رسالے کا نام بتائیے جو سر شیخ عبدالقادر نے لاہور سے شروع کیا تھا ؟

ج : مخزن ۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مخزن کا دفتر کہاں تھا ؟

ج : اندرون بھاٹی دروازہ ۔

س : سر شیخ عبدالقادر نے علامہ کی کس کتاب کا دیباچہ تحریر کیا تھا ؟

ج : بانگِ درا کا ۔

س : علامہ کے ایک شعر کا مصرع ہے

شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن

دُوسرا مصرع آپ بتا دیجیے ؟

ج : نہ مالِ غنیمت ، نہ کشور کشائی

س : ایک اور شعر کا دوسرا مصرع ہے

صلۂ شہید کیا ہے تب و تاب جاودانہ

پہلا مصرع آپ بتائیے ؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : مرے خاک و خوں سے تونے یہ جہاں کیا ہے پیدا
س : شیر شاہ سوری کا اصل نام کیا تھا ؟
ج : فرید خاں ۔
س : شیریں کون تھی ؟
ج : ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کی ملکہ اور فرہاد کی محبوبہ ۔
س : صاحبِ کتاب سے کون مُراد ہیں ؟
ج : حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔
س : اقبال نے ، ننگِ آدم ، ننگِ دیں ، ننگِ وطن
کن کے لیے کہا ہے ۔ اچھا ہو اس کا پہلا مصرعہ بھی بتا دیں ؟
ج : دکن کے صادق اور بنگال کے جعفر ایسے غداروں کے لیے ۔ پہلا
مصرعہ ہے ؟

جعفر از بنگال و صادق از دکن

س : یہ بتائیے کہ جعفر نے کس سے غداری اور صادق نے کس کو دھوکہ دیا ؟
ج : جعفر نے سراج الدولہ سے اور صادق نے سلطانِ میسور ٹیپو سلطان کو ۔
س : صاحبِ مازاغ ، اقبال نے بھی اپنے کلام میں تحریر کیا ہے اور قرآن
میں بھی آیا ہے ۔ بتلائیے اِن سے کون پیغمبر مُراد ہیں ؟
ج : پیغمبر آخر الزماں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔
س : صہیل فرس اعداء کے معنی بتا دیجیے ؟
ج : دشمن کے گھوڑوں کا ہنہنانا ۔

س : ضعیف و شاذ و مرسل ، سے آپ کی کیا مُراد ہے ۔
ج : یہ اقسام حدیث ہیں ۔
س : طارق ابنِ زیاد کون تھا اور اُس نے کیا کارنامہ سرانجام دیا ۔
ج : شمالی افریقہ کا ایک مسلمان جرنیل تھا ۔ جس نے آبنائے جبل الطارق
پر اپنی کشتیاں جلادی تھیں اور اسپین پر قبضہ کر لیا تھا ۔
س : یہ بتائیے کہ کشتیاں جلانے کے بعد اپنے فوجیوں سے آخری
بات کیا کہی تھی ۔ اقبال کے ایک مصرعہ میں بتائیے ؟
ج : ہر مُلک مِلکِ ما است کہ مُلکِ خدا ما است
س : طاؤس و رباب کیا ہوتے ہیں ؟
ج : یہ موسیقی کے دو ساز ہیں ۔
س : اقبال کا کوئی وہ شعر سنائیے جس طاؤس و رباب کا ذکر کیا گیا ہو ؟
ج : آ تجھ کو بتاتا ہوں تقدیر امم کیا ہے
شمشیر و سناں اوّل ، طاؤس و رباب آخر
س : طائر سدرہ کس کو کہا جاتا ہے ؟
ج : حضرت جبرائیل علیہ السلام ۔
س : شمالی افریقہ میں ایک ملک کا نام طرابلس تھا جس کا ذکر اقبال
نے اپنے اشعار میں کیا ہے ۔ آج کل یہ ملک کس نام سے مشہور
ہے ؟
ج : لیبیا کے نام سے ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س: سنجر اور طغرل کا ذکر اقبال کے کلام میں پایا جاتا ہے۔ بتائیے طغرل کون تھا؟

ج: طغرل سلجوقی خاندان کا بانی تھا۔

س: نظام الملک طوسی کس شاہی خاندان کا وزیر تھا؟

ج: خاندان سلاجقہ کا۔

س: نظام الملک کی مشہور کتاب کا نام بتائیے؟

ج: سیاست نامہ۔

س: ظاہر شاہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: یہ نادر شاہ کا بیٹا تھا جسے اُس کے چچا داؤد خاں نے تخت سے اُتار کر جلاوطن کر دیا تھا۔ آج کل وہ پیرس میں جلاوطنی کی زندگی بسر کر رہا ہے۔

س: اقبال کے ایک شعر کا مصرعہ ہم پڑھتے ہیں

بحرِ ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

پہلا مصرعہ آپ سُنا دیجیے تاکہ شعر مکمل ہو جائے؟

ج: لیجیے سُنیے

دشت تو دشت ہیں صحرا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحرِ ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

س: عالمِ برزخ کس کو کہتے ہیں؟

ج: جہاں مرنے کے بعد رُوحیں قیامت تک رہیں گی۔

س: وشوامتر ہندوؤں کا ایک رشی ایک ہزار سال قبل مسیح ہو گزرا ہے۔ یہ بتائیے اقبال اُسے کس نام سے یاد کرتے ہیں؟

ج: عارف ہندی کے نام سے۔

س: عبدالرحمٰن الداخل، کس عرب خاندان سے تھا اور اس نے کہاں اپنی حکومت قائم کی؟

ج: عبدالرحمٰن خاندان بنو اُمیہ سے تھا اور اُمیوں کی بربادی کے بعد اُس نے سپین میں اپنی حکومت قائم کی۔

س: لاہور میں راجپال کو کس نے موت کے گھاٹ اُتارا تھا؟

ج: غازی علم الدین شہید نے۔

س: اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ ہے

نہ اُٹھا پھر کوئی رومی عجم کے لالہ زاروں سے

دوسرا مصرعہ آپ سُنا کر شعر کو مکمل کر دیجیے؟

ج: وہی آب و گلِ ایراں، وہی تبریز ہے ساقی

س: چلیے آسان سا سوال ہے عراق کے دارالحکومت کا نام بتا دیجیے؟

ج: بغداد۔

س: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: آنحضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ کی دو صاحبزادیاں آپ کے نکاح میں آئیں۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں ؟

ج : جی ہاں۔ ان کے اسمائے گرامی تھے : حضرت رقیہؓ اور حضرت اُمِ کلثومؓ

س : عراق ایک ملک بھی ہے اور ایک راگ کا نام بھی۔ یہ بتائیے کہ یہ راگ کس وقت گایا جاتا ہے ؟

ج : پہر دن چڑھے۔

س : علامہ نے فخر الدین عراقی کا حسب ذیل مصرعہ اپنے کس مجموعہ میں شامل کیا ہے۔ مصرعہ یہ ہے

بادہ اندر جام کردند

ج : ارمغانِ حجاز میں۔

س : بانگِ درا میں اقبال عرفی سے ایک سوال کرتے ہیں۔ عرفی کیا جواب دیتے ہیں۔ اقبال کا وہ شعر سنائیے جس میں عرفی کا جواب موجود ہے ؟

ج : وہ شعر یہ ہے ؎

نوا را تلخ تر می زن چو ذوقِ نغمہ کم یابی
حُدی را تیز تر می خواں چو محمل را گراں بینی

س : عرفی کہاں دفن ہے ؟

ج : نجف اشرف میں۔

س : علامہ نے ملّا عرشی کے ایک شعر پر تضمین کی ہے۔ یہ نظم بانگ درا

میں موجود ہے۔ اس نظم کا عنوان کیا ہے ؟

ج : تعلیم اور اُس کے نتائج۔

س : عزازیل کس کو کہتے ہیں ؟

ج : شیطان کو۔

س : اقبال نے "ارمغانِ حجاز" میں ایک فارسی شاعر کے ایک مشہور شعر کو سرِ عنوان بنایا ہے۔ شعر یہ ہے ؎

ادب گاہیست زیرِ آسمان از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید، جنید و بایزید اینجا

بتائیے یہ شعر کس فارسی شاعر کا ہے ؟

ج : عزت بخاری کا۔

س : اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ ہے ؎

قوّتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے

دوسرا شعر آپ سنا کر شعر کو مکمل کر دیجیے ؟

ج : قوّتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں عشقِ محمدؐ سے اُجالا کر دے

س : دوسرا مصرعہ ہے ؎

معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے ؟

ج : صدقِ خلیلؑ بھی ہے عشق، صبرِ حسینؓ بھی ہے عشق

qasarulkutub.blogspot.com

س: عشرت منزل کس اردو شاعر کے مکان کا نام تھا؟

ج: حضرت اکبر الہ آبادی کے مکان کا۔

س: نہ ہو تو مردِ مسلمان بھی کافر و زندیق

اقبال کے ایک شعر کا یہ دوسرا مصرعہ ہے۔ پہلا مصرعہ کیا ہے؟

ج: اگر ہو عشق تو ہے کفر بھی مسلمانی

س: علامہ کے ایک مشہور شعر کا پہلا مصرعہ ہے

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق

دوسرا مصرعہ سنا کر شعر مکمل کر دیجیے؟

ج: عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

س: عطار، فارسی زبان کے ایک مشہور شاعر ہوئے ہیں ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: فرید الدین۔

س: عطیہ فیضی بمبئی کی ایک قابل خاتون تھیں اور اقبال کی قدردان۔ بتائیے اس کی وفات کس سن میں ہوئی اور وہ کہاں دفن ہوئی؟

ج: وفات ۱۹۷۰ء میں اور کراچی میں دفن ہوئیں۔

س: اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ ہے

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازن

اس کا دوسرا آپ پڑھ دیجیے؟

ج: کہتے ہیں اسی علم کو اربابِ نظر موت

س: علامہ اقبال نے جدید مغربی تعلیم و تہذیب کے متعلق کہا ہے؟

یہ علم، یہ حکمت، یہ تدبیر، یہ حکومت

آپ دوسرا مصرعہ سنا کر شعر کو مکمل کر دیجیے؟

ج: پیتے ہیں لہو، دیتے ہیں تعلیم مساوات

س: جب حضرت شاہ علی ہمدان ایران سے کشمیر میں آئے تو بتائیے اس وقت کشمیر پر کس کی حکومت تھی؟

ج: سلطان شہاب الدین کی۔

س: عمرو بن کلثوم کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: زمانہ قبل از اسلام عرب کا مشہور شاعر تھا۔

س: اقبال نے اپنے کلام میں "عندلیبِ باغِ حجاز" کس کو کہا ہے؟

ج: اپنے آپ کو۔

س: اقبال کا ایک پہلا شعر ہے

شکوۂ عید کا منکر نہیں ہوں میں لیکن

اس کا دوسرا مصرعہ بتا دیجیے؟

ج: قبولِ حق ہیں فقط مردانِ حُر کی تکبیریں

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کیا معجزہ دے رکھا تھا؟

ج: ان کے پھونک مارنے سے مریض تندرست اور مردہ زندہ ہو جاتے تھے۔

س: یہ بتائیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی تھی؟

ج: انجیل۔

qasrulkutub.blogspot.com

س : حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کے ماننے والے کس نام سے پکارے جاتے ہیں؟

ج : عیسائی کے نام سے۔

س : الغفران کا مصنف کون تھا؟

ج : ابوالعلا معری۔

س : غلام قادر روہیلہ، اس نواب نجیب الدولہ کا پوتا تھا جس نے مرہٹہ گردی کو ختم کرنے کے لیے احمد شاہ ابدالی کو ہندوستان پر حملہ کرنے کی دعوت دی تھی لیکن اقبال اُسی کے پوتے غلام قادر کو جفاجو اور ستم گر کہتے ہیں۔ کیوں؟

ج : غلام قادر روہیلہ نے شاہ عالم کی آنکھیں نکال لی تھیں اور تیموری شہزادیوں کو ناچنے کا حکم دیا تھا۔

س : غلام قادر روہیلہ شہزادیوں کو ناچنے کا حکم دے کر خود سو گیا اور اپنا کھلا خنجر اپنے سرہانے رکھ دیا۔ اُس نے ایسا کیوں کیا؟

ج : وہ دیکھنا چاہتا تھا کہ ان میں تیموری غیرت باقی ہے یا نہیں۔

س : غلام قادر روہیلہ کے الفاظ کو اقبال نے ایک مصرعہ میں بیان کر دیا ہے۔ وہ مصرعہ سنا دیجیے؟

ج : وہ مصرعہ یہ ہے

حمیت نام ہے جس کا، گئی تیمور کے گھر سے

س : اقبال کہتے ہیں کہ غلامی میں قوموں کے ضمیر بھی بدل جاتے ہیں۔ اس

مفہوم کا وہ مصرعہ سنا دیجیے جو اقبال نے کہا ہے؟

ج : کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

س : علامہ کہتے ہیں "غلامی میں نہ تو تلواریں کام آتی ہیں اور نہ تدبیریں کام آتی ہیں۔ ہاں اگر اپنے اندر ذوقِ یقیں پیدا کر لیا جائے تو غلامی کی زنجیریں کٹ جاتی ہیں۔

اقبال نے اس مفہوم کا ایک شعر کہا ہے وہ شعر سنا دیجیے؟

ج : سنیئے وہ شعر یہ ہے

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

س : یہ کس کا مشہور شعر ہے جسے اقبال نے بھی اپنے کلام میں استعمال کیا ہے

غنی روزِ سیاہ پیرِ کنعاں را تماشا کن
کہ نورِ دیدہ اش، روشن کند چشمِ زلیخا را

ج : یہ شعر غنی کاشمیری کا ہے۔

س : اقبال کی غوری سے کیا مراد ہے؟

ج : شہاب الدین غوری، جس نے پنجاب پر قبضہ کر کے ہندوستان میں اسلامی حکومت کی بنیاد رکھی۔

س : فصوص الحکم کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج : فارابی۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ یوں ہے

پھر وادیٔ فاراں کے ہر ذرّے کو چمکا دے

دُوسرا شعر پڑھ کر شعر مکمل کر دیجیے ؟

پھر ذوقِ تماشا دے پھر ذوقِ تقاضا دے

س : مصر کے آخری بادشاہ کا نام بتائیے ؟

ج : فاروق ۔

س : جنگِ طرابلس میں مجاہدین اور زخمیوں کو پانی پلاتے ہوئے ایک لڑکی شہید ہو گئی تھی جس پر علامہ نے شعر کہے تھے۔ اس لڑکی کا نام کیا تھا ؟

ج : فاطمہ بنت عبداللہ ۔

س : اقبال کہتے ہیں

فاطمہ! تو آبروئے ملّتِ مرحوم ہے

اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے ؟

ج : دُوسرا مصرعہ ہے

ذرّہ ذرّہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے

س : اس جرمن شاعر کا نام بتائیے جس نے سب سے پہلے دیوانِ حافظ کا جرمنی زبان میں ترجمہ کیا ؟

ج : فان ہیمر ۔

س : شاہنامہ کے مصنف فردوسی کا اصلی نام کیا تھا ؟

ج : ابوالقاسم منصور ابن اسحاق ۔

س : کس بادشاہ نے فردوسی کو شاہنامہ مکمّل کرنے کو کہا تھا ؟

ج : سلطان محمود غزنوی نے ۔

س : فراعنہ کس ملک کے حکمران گزرے ہیں ؟

ج : مصر کے ۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں مصر پر جو فرعون حکومت کرتا تھا اس کا نام کیا تھا ؟

ج : رمیسیس دوم ۔

س : اقبال نے جاوید نامہ میں دو فرعونوں کا ذکر کیا ہے جو ڈوب کر مر گئے تھے۔ ان میں ایک تو تھا رمیسیس دوم فرعونِ مصر، دوسرے کا کیا نام تھا ؟

ج : لارڈ کچنر ۔

س : شطرنج میں ایک مہرہ وزیر کہلاتا ہے۔ بتائیے فارسی میں اسے کیا کہتے ہیں ؟

ج : فرزین ۔

س : اقبال کی فرنگ سے کیا مراد ہے ؟

ج : یورپ کے لوگ ۔

س : ایران کے ایک لوہار نے اپنے بادشاہ فریدون کے لیے کا ایک جھنڈا بنایا تھا جس کا نام تھا دُرفشِ کاویانی ۔ یہ بتائیے

qasarulkitutub.blogspot.com

یہ جھنڈا اٹھایا کس نے تھا ؟

ج : کاوا لوہار نے

س : ایک مصرعہ ہے

قریب خوردۂ منزل ہے کارواں ورنہ

دوسرا مصرعہ کیا ہے ؟

ج : زیادہ راحتِ منزل سے ہے نشاطِ رحیل

س : اقبال نے بانگِ درا میں ایک نظم لکھی ہے جس کا عنوان ہے "فلسفۂ غم" بتایئے اقبال نے یہ نظم کس شخصیت کے متعلق لکھی تھی

ج : سر میاں فضل حسین مرحوم کے متعلق ۔

س : اس نظم کا ایک مصرعہ ہے

غم جوانی کو جگا دیتا ہے لطفِ خواب سے

اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے ؟

ج : ساز یہ بیدار ہوتا ہے اسی مضراب سے

س : اقبال نے اپنے کلام میں مغرب کی ایک شخصیت کو فلارنسوی باطل پرست کہا ہے ۔ یہ کون شخصیت ہے ؟

ج : اطالوی مصنف میکیاولی جس نے کتاب "کتاب الملوک" لکھی ۔

س : اقبال اسے باطل پرست کیوں کہتے ہیں ؟

ج : کیونکہ اس نے لکھا ہے کہ سیاسی مصلحتیں اخلاقی اقدار کے تابع نہیں ہوتیں ۔

س : اقبال نے فقر پر ایک شعر کہا ہے جس کا پہلا مصرعہ ہے ۔

اے میرے فقرِ غیور ، فیصلہ تیرا ہے کیا

دوسرا مصرعہ آپ بتا دیجیے ؟

ج : خلعتِ انگریز یا پیراہنِ چاک چاک

س : اس رومی بادشاہ کا نام بتایئے جس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر لٹکا دینے کا حکم دیا تھا ؟

ج : افلاطوس یا پلاطیس ۔

س : وہ کون سا ملک یا علاقہ ہے جسے انبیا کی سرزمین کہا جاتا ہے ؟

ج : فلسطین ۔

س : فلسطین کہاں واقع ہے ؟

ج : بحیرہ روم کے مشرقی ساحل پر ۔

س : شاہ فیصل اوّل کے باپ کا نام بتایئے ؟

ج : شریف مکہ

س : ابوالفیض فیضی کون تھا ؟

ج : شہنشاہ اکبر کا ایک معزز درباری ۔ ابوالفضل کا بھائی اور شیخ مبارک کا بیٹا ۔

س : قارون کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟

ج : یہودی قوم کا ایک بہت دولت مند مگر انتہائی کنجوس شخص ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : جانتے ہو قارون کا انجام کیا ہوا ؟ آپ ہی بتائیے ۔

ج : وہ اپنے خزانوں سمیت زمین میں دھنس گیا تھا ۔

س : بتائیے اقبال کے اس شعر میں کس آنے والے کے متعلق پیش گوئی کی گئی ہے ، شعر یہ ہے :

می رسد مردے کہ زنجیرِ غلاماں بشکند

دیدہ ام از روزنِ دیوارِ زندانِ شما

ج : حضرت قائد اعظم کے متعلق ۔

س : اقبال کا ایک بہت ہی مشہور شعر ہے جس کا پہلا مصرعہ یوں ہے

گر تو می خواہی مسلمان زیستن

اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے ؟

ج : نیست ممکن جز بقرآں زیستن

س : قرۃ العین طاہرہ کس ایرانی بادشاہ کے ہاتھوں ماری گئی ؟

ج : نصیر الدین شاہ قاچار کے ہاتھوں سے ۔

س : بتائیے قسطنطنیہ کو آج کل کس نام سے یاد کیا جاتا ہے ؟

ج : استانبول کے نام سے ۔

س : ترکی کے موجودہ دارالحکومت کا نام کیا ہے ؟

ج : انقرہ ۔

س : ازمیر کا پرانا نام کیا تھا ؟

ج : سمرنا ۔

س : قصیدہ بردہ کے مصنف کا نام بتائیے ؟

ج : امام بصیری ۔

س : یہ بتائیے لاہور میں کس پہلے سلطان کا مزار ہے اور کہاں ہے ؟

ج : سلطان قطب الدین ایبک کا ۔ مزار انار کلی لاہور میں ہے ۔

س : سورۃ البقرہ کی ایک آیت کا حصہ ہے قل العفو ، جس کا ترجمہ ہے تمہاری ضرورت سے جو زائد مال تمہارے پاس ہے ۔ اللہ کی راہ میں دے دو ۔ اقبال نے ایک مصرعہ میں اس کا ترجمہ کیا ہے ۔ وہ مصرعہ بتا دیجیے ؟

ج : ہرچہ از حاجت فزوں داری بدہ

س : قم باذن اللہ کے معنی بتائیے ؟

ج : اللہ کے حکم سے اُٹھ ۔

س : بیجاپور کے شاعر ملک قمی نے اپنا تخلص قمی کیوں رکھا ؟

ج : اس لیے کہ وہ ایران کے شہر قُم کا رہنے والا تھا ۔

س : بحیرہ احمر کا دوسرا نام کیا ہے ؟

ج : بحیرہ قلزم ۔

س : قطب مینار دہلی کے پاس ایک مسجد قوت الاسلام ہے ۔ اس کے بانی کا نام بتائیے ؟

ج : سلطان قطب الدین ایبک ۔

qasarulkutub.blogspot.com

س : پہلی جنگ عظیم میں جرمنی کا بادشاہ کون تھا؟

ج : قیصر ولیم دوم۔

س : صاحبِ سرمایہ از نسلِ خلیل
یعنی آں پیغمبر بے جبریل
بتائیے اقبال کا اس شعر میں اشارہ کس کی طرف ہے؟

ج : کارل مارکس کی طرف۔

س : کافر اور منافق کا فرق بتائیے؟

ج : کافر انکار کرنے والے کو کہتے ہیں اور منافق وہ ہوتا ہے جو بظاہر اسلام کو مانتا ہو مگر عملاً اس کے خلاف کرتا ہو۔ یا دل کی بات اور زبان کی بات میں فرق رکھتا ہو۔

س : ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج : یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

س : کاملِ بسطام سے اقبال کی کیا مراد ہے؟

ج : حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : بتائیے دریائے کبیر کہاں بہتا ہے؟

ج : ملک سپین میں۔

س : کربلا کا واقعہ کہاں پیش آیا تھا؟

ج : دریائے فرات پر۔

س : اقبال نے اپنے ظریفانہ کلام میں لارڈ کرزن کا ذکر کیا ہے۔ بتائیے یہ کون تھا اور اس کے عہد میں کیا واقعہ پیش آیا تھا؟

ج : ہندوستان کا وائسرائے رہا ہے۔ اس کے عہد میں صوبہ بنگال کی تقسیم ہوئی تھی۔

س : "خضرِ راہ" کا ایک مصرعہ ہے
کشتیٔ مسکیں، جانِ پاک، دیوارِ یتیم
اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج : علمِ موسیٰ بھی ہے تیرے سامنے حیرت فروش

س : آج وہ کشمیر ہے محکوم و مجبور و فقیر
اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج : کل جسے اہلِ نظر کہتے تھے ایرانِ صغیر

س : کعبہ کہاں ہے؟

ج : مکہ مکرمہ میں۔

س : کلیم کے معنی بتائیے؟

ج : باتیں کرنے والا۔

س : کمال اتاترک کس کا لقب ہے؟

ج : ترکی کے نجات دہندہ مصطفیٰ کمال پاشا کا۔

س : اقبال مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں
پاک ہے گردِ وطن سے سرِ داماں تیرا

qasarulkutub.blogspot.com

یہ تو ایک ہی مصرعہ ہے۔ دوسرا مصرعہ آپ سنا کر شعر مکمل کر دیجئے؟

ج : پاک ہے گردِ وطن سے سرِ داماں تیرا

کا دوسرا مصرعہ یہ ہے

تو وہ یوسف ہے کہ ہر مصر ہے کنعاں تیرا

س : کوہِ اضم کہاں ہے؟

ج : مدینہ منورہ میں۔

س : علامہ اقبال نے کوفی و شامی کو ایک علامت بنا دیا ہے۔ یہ علامت کیا ہے؟

ج : غداری۔

س : ریگ عراق منتظر، کشتِ حجاز تشنہ کام

اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج : خونِ حسینؓ بازدہ کوفہ و شام خویش را

س : مولانا گرامی علامہ اقبال کے دوست تھے۔ ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج : غلام قادر۔

س : مولانا گرامی کس ہندوستانی نواب کے اُستاد تھے؟

ج : نواب عثمان علی خاں والئ حیدر آباد دکن کے۔

س : گنبد آبگینہ رنگ سے کیا مُراد ہے؟

ج : آسمان۔

س : گلشن ویمر سے اقبال کی کیا مُراد ہے؟

ج : ویمر جرمنی کا ایک شہر ہے۔ جہاں جرمن شاعر گوئٹے مدفون ہے۔ اقبال

کی مراد گوئٹے اور ویمر ہے۔

س : گورگاں کے معنی کیا ہیں

ج : داماد

س : جرمنی کا عظیم شاعر گوئٹے کس شہر میں پیدا ہوا تھا۔

ج : فرینکفرٹ میں۔

س : لا تحزن ان اللہ معنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے کس مقام پہ کہا تھا؟

ج : غار ثور میں۔

س : اقبال مسلمان کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں

جس سے جگر لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم

اس کا دوسرا مصرعہ آپ پڑھیے؟

ج : دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفاں

س : لالہ کیا ہوتا ہے؟

ج : ایک پھول کا نام ہے۔

س : وہ کون سا جرمن شاعر ہے جسے اقبال نے دوسرا غزالی کہا ہے؟

ج : مشہور جرمن فلسفی لائٹسا۔

س : لات و منات کیا تھے؟

ج : یہ عربوں کے دو بُت تھے۔

س : اقبال کا وہ شعر سنائیے جس میں لاہور، بخارا اور سمرقند کے

qasarullkutub.blogspot.com

نام آتے ہیں؟

ج : اک ولولۂ تازہ دیا میں نے دلوں کو
لاہور سے تا خاکِ بخارا و سمرقند

س : بتایئے بانگِ درا کی نظم "پیامِ صبح" کس انگریز شاعر کے کلام سے ماخوذ ہے؟

ج : لانگ فیلو کی نظم سے۔

س : اقبال لاہور میں آئے تو پہلے لاہور کے کس علاقے میں آپ نے قیام کیا؟

ج : اندرون بھاٹی دروازہ۔

س : قرآنِ حکیم کے مطابق حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب خدا سے کہا کہ رَبِّ اَرِنِی۔ تو خدا کی طرف سے کیا جواب آیا تھا؟

ج : لن ترانی یعنی تو نہ دیکھ سکے گا۔

س : مارٹن لوتھر نے عیسائیت میں کون سے نئے فرقے کی بنیاد رکھی؟

ج : پروٹسٹنٹ فرقے کی۔

س : اقبال کا ایک مصرعہ ہے
رگوں میں دوڑنے پھرنے کے ہم نہیں قائل
اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج : جو آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو وہ لہو کیا ہے

س : عقاب کا کام ہے جھپٹنا، پلٹنا، پلٹ کر جھپٹنا۔ وہ ایسا کیوں

کرتا ہے۔ اقبال کے ایک مصرعے میں بیان کیجیے؟

ج : جناب یہ تو
لہو گرم رکھنے کا ہے اِک بہانہ

س : اقبال کہتے ہیں کہ میں لندن کی سرد راتوں میں بھی علی الصبح اُٹھ جاتا تھا اقبال نے اسے ایک شعر میں بڑی خوب صورتی سے نبھایا ہے۔ وہ شعر کیا ہے؟

ج : وہ شعر یہ ہے
زمستانی ہوا میں گرچہ تھی شمشیر کی تیزی
نہ چھوٹے مجھ سے لندن میں بھی آدابِ سحر خیزی

س : ماہ از انگشتِ او شق شود، کس مشہور واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟

ج : معجزہ شق القمر کی طرف۔

س : ماہ را روزی رسد از خوانِ مہر۔ ترجمہ: کہ چاند کو سورج کے دستر خوان سے روزی ملتی ہے۔ اس سے کیا مقصود ہے؟

ج : یعنی چاند سورج سے کسبِ نور کرتا ہے۔

س : مجدد الف ثانی سے کیا مراد ہے؟

ج : گیارھویں مجدد۔

س : اقبال کا ایک مصرعہ ہے
گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
بتایئے کس کی گردن جہانگیر کے آگے نہ جھکی تھی؟

qasarulikutub.blogspot.com

ج : حضرت احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ کی ۔

س : اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ ہے

اگر ہوتا وہ مجذوب فرنگی اس زمانے میں

دوسرا مصرعہ کیا ہے ؟

ج : تو اقبال اس کو سمجھاتا مقام کبریا کیا ہے

س : اقبال نے مجذوب فرنگی کس کو کہا ہے ؟

ج : جرمن فلسفی نٹشے کو ۔

س : اقبال کا یہ شعر کس مسلمان رہنما کی طرف اشارہ کرتا ہے

ہے اسیری اعتبار افزا جو ہو فطرت بلند

قطرۂ نیساں ہے ، زندانِ صدف سے ارجمند

ج : مولانا محمد علی جوہر کی طرف ۔

س : قسطنطنیہ کو کس مسلمان بادشاہ نے فتح کیا تھا اور کس سن میں ؟

ج : قسطنطنیہ کو سلطان محمد فاتح نے ۱۴۵۲ء میں فتح کیا تھا ۔

س : اقبال نے "گلشن راز جدید" کس کتاب کے جواب میں لکھی تھی ۔ اس کے مصنف کا نام بھی بتائیے ؟

ج : کتاب کا نام ہے "گلشنِ راز"۔ مصنف ہیں محمود شبستری ۔

س : علامہ نے سلطان محمود غزنوی کی بت شکنی کے متعلق ایک شعر کہا ہے ۔ ہندو محمود کو ڈھیروں سونا دے رہے تھے لیکن محمود نے کہا تھا کہ میں بت فروش کی بجائے بت شکن کہلانا زیادہ پسند کرتا ہوں ۔

وہ شعر سنا دیجیے ؟

ج : قوم اپنی جو زر و مالِ جہاں پر مرتی

بت فروشی کے عوض ، بت شکنی کیوں کرتی

س : یہ بھی بتائیے کہ مندرجہ بالا شعر علامہ کی کس نظم کا ہے ؟

ج : شکوہ کا ۔

س : محمود و ایاز کا ذکر اقبال نے اکثر کیا ہے لیکن ایک شعر میں ان کا ذکر مساواتِ اسلامی میں آیا ہے ۔ وہ شعر کیا ہے ؟

ج : ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز

نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

س : اقبال مسلمان کو اپنے زورِ بازو پر بھروسہ کرنے کی تلقین کرتے ہیں کہ مسلمان کے لیے وہ سلطنت بھی باعث ننگ ہے جس کو وہ اپنا خون دے کر حاصل نہ کریں ۔ اس مفہوم کا اقبال کا شعر سنا دیجیے ؟

ج : خریدیں نہ ہم جس کو اپنے لہو سے

مسلماں کو ہے ننگ وہ پادشاہی

س : اقبال نے مغرب زدہ طالب علم کے متعلق ایک شعر کہا ہے جس کا پہلا مصرعہ یوں ہے

گرچہ مکتب کا جواں ، زندہ نظر آتا ہے

اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے ؟

qasaratulkutub.blogspot.com

ج : مُردہ ہے، مانگ کے لایا ہے فرنگی سے نفس

س : اقبال کے ایک شعر کا دوسرا مصرعہ ہے

یا بندۂ صحرائی یا مردِ کہستانی

اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے؟

ج : فطرت کے مقاصد کی کرتا ہے نگہبانی

س : اقبال کے ایک شعر کا دوسرا مصرعہ یوں ہے

تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے

اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے؟

ج : عبث ہے شکوہ تقدیرِ یزداں

س : اقبال نے ہسپانیہ کی مسجد قرطبہ پر ایک طویل نظم لکھی ہے۔ اس کے ایک شعر میں کہا گیا ہے کہ تیرا وجود عشق کی وجہ سے ہے جو ہمیشہ قائم رہتا ہے۔ وہ شعر سُنا دیجیے؟

ج : اے حرمِ قرطبہ، عشق ہے تیرا وجود

عشق سراپا دوام، جس میں نہیں رفت و بود

س : اقبال نے کس کے فلسفہ کو فلسفۂ گوسفندی کہا ہے؟

ج : افلاطون کے فلسفہ کو۔

س : مسجودِ ملائک کون ہے؟

ج : انسان۔

س : مسیح و مسیخ و صلیب سے کیا مُراد ہے؟

ج : عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی پر لٹکایا گیا تو اُن کے ہاتھوں اور پیروں میں میخیں ٹھونک دی گئی تھیں۔

س : مصر کو کس مسلمان جرنیل نے فتح کیا تھا؟

ج : حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے۔

س : اقبال نے معتمد کا ذکر کیا ہے۔ یہ کون تھا؟

ج : ہسپانیہ کا عباسی فرماں روا۔

س : اقبال نے اپنے کلام میں گجرات کاٹھیاوار کے ایک مسلمان بادشاہ مظفر بیگڑہ کا ذکر کیا ہے کہ اُسے اپنے گھوڑے سے بڑی محبت تھی۔ وہ اُسے اپنی اولاد سے بھی زیادہ عزیز جانتا تھا۔ لیکن بعد میں اس پر سواری کرنی چھوڑ دی۔ کیوں؟

ج : گھوڑا بیمار ہو گیا تھا اور اس کا علاج شراب سے کیا گیا تھا۔ اس لیے سلطان نے اس پر سوار ہونا چھوڑ دیا تھا۔

س : اقبال نے معراج کے حوالے سے ایک شعر کہہ کر مسلمانوں کو آگے بڑھنے کی تلقین کی ہے۔ اس شعر کا دوسرا مصرعہ ہے

کہ رہی ہے یہ مسلمان سے معراج کی رات

اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے؟

ج : رہ یک گام ہے ہمت کے لیے عرشِ بریں

س : مکالماتِ فلاطون، کس کی کتاب ہے؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : یہ حکیم سقراط کی بات چیت ہے، جسے افلاطون نے قلم بند کیا ہے۔

س : اقبال کہتے ہیں کہ جمہوریت کبھی کبھی دیو استبداد کا روپ دھار لیتی ہے لیکن غلام اس دیو کے ناچ کو نیلم پری کا رقص سمجھتے ہیں۔ اس مفہوم کا اقبال کا شعر سنا دیجیے؟

ج : دیو استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے کہ آزادی کی ہے نیلم پری

س : مزارِ خوابگہِ شاہسوار چغتائی، میں اقبال کا اشارہ کس مغل بادشاہ کے مزار کی طرف ہے؟

ج : مغل شاہنشاہ جہانگیر کے مزار کی طرف جو دریائے راوی کے دائیں کنارے پر ہے۔

س : اقبال کے نزدیک موت ایسی ہی ہے جیسے پرندے اپنے پر جھاڑتے ہیں اور ان کے نئے پر پھر نکل آتے ہیں۔ اقبال نے اس مفہوم کو ایک مصرعے میں بیان کر دیا ہے۔ وہ مصرعہ کیا ہے؟

ج : موت، اس گلشن میں جز سنجیدنِ پر کچھ نہیں

س : اقبال کے ایک شعر کا پہلا مصرعہ ہے
نوا کو کرتا ہے موجِ نفس سے زہر آلود
اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج : وہ نے نواز کہ جس کا ضمیر پاک نہیں

س : اقبال نے مومن کے متعلق بہت کچھ لکھا ہے۔ آپ صرف تین مختلف مصرعے سُنا دیجیے؟

ج : مومن ہے تو کرتا ہے فقیری میں بھی شاہی

عالم ہے فقط مومنِ جانباز کی میراث

مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

جہاں تمام ہے، میراث مردِ مومن کی

مومن ہے تو وہ آپ ہے تقدیرِ الٰہی

س : حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ سے سکھوں کی عقیدت کی کیا وجہ ہے؟

ج : حضرت میاں میر صاحب نے ہی دربار صاحب امرتسر کا سنگِ بنیاد رکھا تھا۔

س : میکیاولی، جس کا نظریہ یہ ہے کہ حکومت کے لیے مکر و فریب، جھوٹ، جبر و تشدد اور ہر غیر اخلاقی حرکت جائز ہے۔ یہ کہاں کا رہنے والا تھا؟

ج : فلارنس کا۔

س : سکھ مذہب کے بانی کون ہیں؟

qasarulkutub.blogspot.com

ج : باباگورو نانک۔

س : ننکانہ صاحب کا پہلا نام کیا تھا؟

ج : تلونڈی۔

س : اقبال کہتے ہیں ؎

خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ

کیوں؟ اس کا جواب دوسرے مصرعہ میں ہے۔ وہ سُنائیے۔

ج : سُرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف

س : جاوید نامہ میں اقبال فلکِ مریخ میں ایک نبیہ کا ذکر کرتے ہیں۔ وہ خود ساختہ نبیہ کہاں سے اغوا کر کے لائی گئی تھی؟

ج : یورپ سے۔

س : نپولین بونا پارٹ ایک مشہور جرنیل گزرا ہے جو کہا کرتا تھا کہ میری لغت میں ناممکن کا لفظ نہیں۔ اس کی موت کس عالم میں اور کہاں ہوئی؟

ج : جزیرہ سینٹ ہلینا میں جہاں وہ جلا وطنی کی زندگی گزار رہا تھا۔

س : نجف کیوں مشہور ہے؟

ج : وہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار ہے۔

qasarulkutub.blogspot.com